# ”نیک بنو نیکی پھیلاؤ“

# بزم شاہین (ریاض)

# ٹرینرز گائیڈ

# سال 2013ء

**برائے انچارجز:**

یہ ٹرینرز گائیڈ بزم شاہین کے انچارجز کی مدد کے لیے تیار کی گئی ہے تاکہ ہر مہینے ایک تھیم کے حوالے سے سرگرمیاں کروائی جاسکیں۔ اس طرح کی سرگرمیاں آپ خود بھی بنا کر کروا سکتے ہیں۔

ٹرینرز گائیڈ کی بہتری کے حوالے سے اگر آپ کوئی تجویز دینا چاہیں یا کسی غلطی کی اصلاح کروانا چاہیں تو آپ ہمیں بذریعہ ای میل اس سے آگاہ کرسکتے ہیں تاکہ آئندہ اسے بہتر انداز میں پیش کیا جاسکے۔

صدر بزم شاہین (ریاض)

bazm.e.shaheen.ksa@gmail.com

www.bazmeshaheenksa.com

Prepared by: BAZM-E-SHAHEEN (Riyadh) in co-ordination with V SHINE International

# جنوری

## تھیم: آؤ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پیار کریں

<u>ہدایات برائے انچارج</u>

1: ''سیرت کوئز'' کے صفحات کی کاپیاں بچوں کو دے دیں اور اگلے پروگرام میں ان سوالات پر مبنی کوئز کروایا جا سکتا ہے۔

2: مقابلہ تقریر اور مقابلہ نعت خوانی کروایا جا سکتا ہے۔

3: انچارج کے مطالعہ کے لیے دو صفحات پر مبنی مضمون ''پیارے نبیؐ اور بچے'' دیا گیا ہے تاکہ وہ بچوں کو اس حوالے سے بتا سکیں۔ یہ مضمون بچوں کو بھی دیا جا سکتا ہے۔

4: حضور اکرم ﷺ کی کسی حدیث پر پوسٹر سازی کا مقابلہ کروایا جا سکتا ہے۔

# مقابلہ کوئز آؤ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پیار کریں

سوال: پیارے نبی ﷺ کا نام بتایئے؟

جواب: محمد ﷺ

سوال: آپ ﷺ کے والد کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت عبداللہ۔

سوال: جب آپ ﷺ کی والدہ حضرت آمنہؓ کا انتقال ہوا، اس وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: چھ سال۔

سوال: نبی ﷺ کا ''حضرت خدیجہؓ'' سے جب نکاح ہوا تو اس وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: 25 سال۔

سوال: پیارے نبی ﷺ پر جب پہلی وحی نازل ہوئی تو اس وقت آپ ﷺ کی کیا عمر تھی؟

جواب: چالیس سال۔

سوال: آپ ﷺ نے دین کی دعوت دینے کے لیے قریش کو جس پہاڑ پر چڑھ کر پکارا اس کا نام کیا تھا؟

جواب: کوہ صفا۔

سوال: آپ ﷺ کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

جواب: قریش۔

سوال: آپ ﷺ کے دادا کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت عبدالمطلب۔

سوال: نبی ﷺ کے چچا حضرت حمزہؓ کس غزوہ میں شہید ہوئے؟

جواب: غزوہ احد۔

سوال: غزوہ کس کو کہتے ہیں؟

جواب: جس جنگ میں نبی ﷺ خود شریک ہوئے ہوں۔

سوال: پیارے نبی ﷺ جب اللہ کی دعوت دینے طائف گئے تو طائف والوں نے آپ ﷺ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

جواب: آپ ﷺ کو انہوں نے تکلیف پہنچائی اور پتھر مار مار کر آپ ﷺ کو لہولہان کر دیا۔

سوال: پیارے نبی ﷺ کے ساتھیوں کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: صحابیؓ۔

سوال: پیارے نبی ﷺ کی بیٹی حضرت فاطمہؓ کے دو بیٹوں کے نام کیا ہیں؟

جواب: حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ۔

سوال: مدینہ کی طرف ہجرت کے وقت نبی ﷺ کے ساتھ کون سے صحابی تھے؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

سوال: وہ کون سے صحابی ہیں جو نبی ﷺ کے قتل کے ارادے سے اپنے گھر سے نکلے تھے مگر اسلام لے آئے؟

جواب: حضرت عمر فاروقؓ۔

سوال: ہجرت کے بعد مدینہ میں نبی ﷺ نے جو مسجد بنائی اس کا نام کیا ہے؟

جواب: مسجد نبویؐ۔

سوال: مدینہ کا پہلا نام کیا تھا؟

جواب: یثرب۔

سوال: اسلام اور کفر کی پہلی جنگ غزوۂ بدر میں مسلمانوں کے لشکر کی تعداد کتنی تھی؟

جواب: 313، (تین سو تیرہ)

سوال: جب مکہ فتح ہوا تو نبی ﷺ نے کفار کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟

جواب: سب کو معاف فرما دیا۔

سوال: وہ کون سا غزوہ ہے جس میں مسلمانوں کی غفلت سے مسلمان جنگ ہارنے لگے اور آپ ﷺ بھی زخمی ہوئے؟

جواب: غزوہ احد۔

سوال: پیارے نبی ﷺ نے اپنی پیاری بیٹی حضرت فاطمہؓ کا نکاح کس صحابی سے کیا؟

جواب: حضرت علیؓ۔

سوال: مسجد نبویؐ میں جو سب سے پہلا مدرسہ قائم ہوا اسے کیا کہا جاتا تھا؟

جواب: مدرسہ صفہ۔

سوال: سن 10 ہجری میں نبی ﷺ نے جو حج ادا کیا اس کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: حجتہ الوداع۔

سوال: آپ ﷺ کی وفات کس مہینے میں اور کس دن ہوئی؟

جواب: ربیع الاول، پیر کے دن۔

سوال: آپ ﷺ کا نام احمد کس نے رکھا اور محمد کس نے رکھا؟

جواب: آپ کی والدہ نے احمد نام رکھا جبکہ دادا نے محمد رکھا۔

سوال: خانہ کعبہ کو کن ناموں سے پکارا جاتا ہے؟

جواب: بیت اللہ اور بیت الحرام۔

سوال: خانہ کعبہ کس پیغمبر نے تعمیر کیا تھا؟

جواب: حضرت ابراہیمؑ نے اپنے بیٹے حضرت اسماعیلؑ کے ساتھ مل کر تعمیر کیا تھا۔

سوال: نبوت سے پہلے آپ ﷺ کس جگہ عبادت کیا کرتے تھے؟

جواب: غار حرا میں۔

سوال: حضور ﷺ کی دعوت پر مردوں میں سب سے پہلے کون ایمان لایا تھا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

سوال: پہلی مسلمان خاتون شہیدہ کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت یاسرؓ کی بیوی سمیہؓ۔

سوال: حضرت بلالؓ کون تھے اور کہاں کے رہنے والے تھے؟

جواب: حضرت بلالؓ خلف کے بیٹے امیہ کے غلام تھے اور حبشہ کے رہنے والے تھے۔

سوال: حضرت بلالؓ کو رسول ﷺ نے کیا خطاب دیا تھا؟

جواب: موذن رسولؐ۔

سوال: جنوں کی جماعت نے آپ ﷺ کے ہاتھ پر کہاں اسلام قبول کیا؟

جواب: مقام نخلہ میں جہاں آپ ﷺ نے رات گزاری تھی۔

سوال: آپ ﷺ کا رسم عقیقہ کب اور کس نے کیا؟

جواب: ولادت کے ساتویں روز حضرت عبدالمطلب نے۔

سوال: ام المومنین حضرت خدیجہؓ کا لقب کیا تھا؟

جواب: طاہرہ (پاک باز)

سوال: آپ ﷺ پر پہلی وحی کون سے فرشتے لے کر آئے؟

جواب: حضرت جبرائیلؑ۔

سوال: نبوت سے پہلے آپ ﷺ کس جگہ عبادت کیا کرتے تھے؟

جواب: غار حرا۔

سوال: آپ ﷺ کی دعوت پر عورتوں میں سب سے پہلے کون ایمان لائیں؟

جواب: حضرت خدیجہؓ۔

سوال: آپ ﷺ کو کھلم کھلا تبلیغ کرنے کا حکم کب ملا؟

جواب: نبوت کے تیسرے سال۔

سوال: آپ ﷺ کے رشتہ داروں میں سب سے زیادہ آپ ﷺ کی مخالفت کس نے کی؟

جواب: ابولہب۔

سوال: ہجرت کسے کہتے ہیں؟

جواب: اللہ کے لیے گھر بار چھوڑ کر کسی دوسری جگہ جا کر آباد ہونے کو ہجرت کہتے ہیں۔

سوال: مسلمانوں نے پہلی ہجرت کہاں کی؟

جواب: حبشہ کی طرف۔

سوال: ام المومنین حضرت عائشہؓ کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ

سوال: سفر معراج کا واقعہ کب پیش آیا؟

جواب: نبوت کے دسویں سال، رجب کے مہینے میں۔

سوال: سب سے پہلے کن صحابہؓ نے مدینہ ہجرت کی؟

جواب: حضرت معصبؓ بن عمیر اور عبداللہؓ ابن ام مکتوم نے۔

سوال: ہجرت مدینہ کے دوران آپ ﷺ نے کس غار میں قیام فرمایا؟

جواب: غار ثور۔

سوال: آپ ﷺ نے سب سے پہلے کس مسجد کی بنیاد رکھی؟

جواب: مسجد قباء۔

سوال: آپ ﷺ کس جانور پر سوار ہو کر مدینہ میں داخل ہوئے؟

جواب: قصواء نامی اونٹنی پر۔

سوال: مدینہ ہجرت کے وقت وہاں کون سے دو بڑے قبائل آباد تھے؟

جواب: اوس وخزرج۔

سوال: اسلام کی پہلی جنگ غزوہ بدر کب لڑی گئی؟

جواب: ۱۷ رمضان المبارک ۲ھ میں جمعہ کے دن۔

سوال: ابوجہل کو کس نے قتل کیا اور وہ کس کے بیٹے تھے؟

جواب: معاذؓ اور معوذؓ نامی بچوں نے قتل کیا، یہ دونوں حضرت عفراءؓ کے بیٹے تھے۔

# پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور بچے

## بچوں سے خوش مزاجی:

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ بچوں کے ساتھ بڑے خوش مزاج، پر مزاح تھے۔ (شمائل ابن کثیر)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو (جو بچے تھے) اپنی زبان نکال کر دکھاتے۔ وہ بھی اپنی زبان نکال کر دکھاتے اور خوش ہوتے اور ان کا بوسہ لیتے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی لڑکی زینب سے آپ ﷺ کھیلتے ہوئے فرماتے۔ اے چھوٹی سی زینب، اے چھوٹی سی زینب۔

ایک دوسری روایت میں ہے کہ ہم سب دوڑ کر آتے، کوئی پیٹھ پر، کوئی سینہ پر آگرتا۔ آپ چمٹا لیتے اور بوسہ لیتے۔

## بچوں کو سلام کرنا:

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ جب بچوں کے پاس سے گزرتے تو ان کو سلام کرتے۔ (بخاری)

## بچوں سے معانقہ کرنا:

حضرت یعلی بن مرہ کہتے ہیں کہ ہم لوگ آپ ﷺ کے ساتھ نکلے اور ہمیں کھانے کے لیے بلایا گیا تو راستہ میں حضرت حسینؓ کھیلتے مل گئے۔ آپ ﷺ جلدی سے لوگوں سے آگے بڑھے اور اپنا ہاتھ پھیلا دیا (پکڑنے کے لئے) وہ ادھر ادھر بھاگنے لگے اور آپ کو ہنسا رہے تھے۔ یہاں تک کہ آپ ﷺ نے پکڑ لیا۔ آپ ﷺ نے ایک ہاتھ ٹھوڑی پر اور دوسرا سر پر رکھا۔ پھر معانقہ کیا (سینے سے لگایا) پھر آپ ﷺ نے فرمایا:

حسین مجھ سے اور میں حسین سے ہوں۔ خدا اس سے محبت کرے جو حسین سے محبت کرے۔ حسین میری اولاد ہیں۔ (ادب المفرد، ص ۱۱۶)

## مجلسی تقسیم میں بچوں کے ساتھ آپ ﷺ کی رعایت:

حضرت جابرؓ سے مروی ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حضور پاک ﷺ کے ساتھ ظہر وعصر کی نماز ادا کی تو آپ ﷺ نے فرمایا:

تم سب اپنی جگہ بیٹھے رہو۔ آپ کو مسکہ پھر حلوہ ہدیۃً پیش کیا گیا تھا۔ چنانچہ آپ ﷺ ہر شخص کو ایک چمچہ مسکہ پھر حلوہ کھلاتے رہے۔ جب آپ ﷺ میرے نزدیک آئے اور اس وقت میں بچہ تھا تو آپ ﷺ نے مجھے بھی ایک چمچہ چٹایا اور پھر فرمایا اور دوں؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں! تو آپ ﷺ نے مجھے بچہ ہونے کی وجہ سے ایک مرتبہ اور دیا پھر آپ ﷺ نے مجلس کے آخری شخص تک حلوہ تقسیم فرما دیا۔

(اخلاق النبی ص ۱۴۷)

## بچوں اور اہل وعیال پر بڑے مہربان:

حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ بچوں پر اور اہل خانہ پر بڑے شفیق ومہربان تھے۔

یعنی محبت وشفقت کے ساتھ پیش آتے، ہر وقت گرج برس، ڈانٹ ڈپٹ نہ کرتے۔ باہر والوں کے ساتھ رعایت اور گھر والوں کے ساتھ نفرت ایسا نہ فرماتے جیسا کہ بعضوں کی عادت ہوتی ہے۔

## بچوں کے سر پر ہاتھ پھیرتے، گود میں بٹھاتے:

جمرہ حنظلیہ کہتی ہیں کہ میں آپ ﷺ کی خدمت میں صدقہ کے اونٹ لے کر حاضر ہوئی تو آپ ﷺ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور میرے لیے خیر کی دعا کی۔

(مطالب عالیہ ج ۳ص ۲۷)

حضرت اسامہ بن زیدؓ فرماتے ہیں کہ حضور پاک ﷺ مجھے پکڑ لیتے تھے اور اپنی ران پر بٹھاتے تھے اور حضرت حسنؓ کو دوسری ران پر۔ پھر دونوں کو ملاتے اور فرماتے اے اللہ میں ان پر شفقت کرتا ہوں آپ ان پر رحم فرمائیے۔(بخاری ص ۸۸۸)

## حضرت فاطمہؓ کی آمد پر حد درجہ خوشی کا اظہار:

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے بول و چال میں حضرت فاطمہؓ سے زیادہ کسی کو آپ ﷺ کے مشابہ نہیں دیکھا۔ جب فاطمہؓ آپ ﷺ کے پاس آتیں تو آپ ﷺ (محبت میں) کھڑے ہو جاتے۔ خوش آمدید فرماتے، ان کا بوسہ لیتے، انہیں اس جگہ بٹھاتے، اسی طرح جب آپ ﷺ فاطمہؓ کے یہاں جاتے تو وہ کھڑی ہو جاتیں، آپ ﷺ کے دست مبارک کو اپنے ہاتھ میں لیتیں، خوش آمدید کہتیں، بوسہ لیتیں، اپنی جگہ بٹھاتیں۔(ادب المفرد ص ۲۸۸)

## بچوں کے ساتھ کھیل کی اجازت:

ام خالد بنت خالد کہتی ہیں کہ میں رسول پاک ﷺ کے پاس اپنے والد کے ساتھ آئی۔ میرے اوپر زرد کرتا تھا آپ ﷺ نے فرمایا:

بہت خوب، بہت خوب۔ پھر میں آپ کے خاتم نبوت سے کھیلنے لگی۔ میرے والد نے مجھے ڈانٹا۔

تو آپ ﷺ نے فرمایا:

چھوڑ و اسے کھیلنے دو۔ پھر آپ ﷺ نے مجھے دعا دی۔(بخاری ص ۸۸۶)

## نماز کی حالت میں آپ ﷺ پر کھیلتے:

حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ سجدہ فرماتے تو حضرحسن وحسینؓ (جو اس وقت چھوٹے بچے تھے) آپ ﷺ کی پیٹھ پر سوار ہو جاتے تو ایسی حالت میں آپ (رعایت میں) سجدہ لمبا فرما دیتے۔(مطالب عالیہ ج ۲ص ۷۲)

# فروری

## تھیم: حیا ایمان کا حصہ ہے

<u>ہدایات برائے انچارجز</u>

1: ''حیا کیا ہے؟'' کے موضوع پر گروپ ڈسکشن کروایا جا سکتا ہے۔ (نکات دیے گئے ہیں)۔

2: حیا سے متعلق حدیث پر مقابلہ خطاطی کروائی جا سکتی ہے۔

3: سرگرمی (حیا والے کاموں کو نشان زد کریں) بچوں کو فوٹو کاپی دے کر انہیں صحیح غلط کی پہچان کروائی جا سکتی ہے۔

# گروپ ڈسکشن

**نکات:**

1: حیا سے کیا مراد ہے۔

2: حیا اور ایمان کا آپس میں تعلق۔

**حیا کے فوائد:**

حیا ایمان کے ہونے کی علامت (حیا نیکی کا راستہ)

نافرمانی سے بچاتی ہے۔

زینت فراہم کرتی ہے۔

مصیبتوں سے بچاتی ہے۔

**حیا کے حصول کے ذرائع:**

لباس، ستر کی حفاظت، حجاب اور پردہ، نگاہ نیچے رکھنا، پست آواز اور نرم گفتگو۔

**حیا کو ختم کرنے والی باتیں:**

غیر معیاری اور بیہودہ کتابیں اور رسائل۔

لڑکے لڑکیوں کا آزادانہ ملنا جلنا۔

غیر اسلامی تفریحی پروگرامات۔

بری صحبت میں بیٹھنا۔

بے باک ہو کر گفتگو کرنا۔

تجسس۔

غیر اخلاقی باتیں اور حرکتیں کرنا۔

غیر مسلموں کی نقل کرنا۔

**سرگرمی: مقابلہ خطاطی**

## الحياء شعبة من الايمان

ترجمہ (حیا ایمان کا حصہ ہے)

# حیا

شرم وحیا کے وسیع تصور کو سامنے رکھتے ہوئے درج ذیل صورتوں میں صحیح اور غلط کی پہچان کیجئے۔

1: سلمان جب اسکول سے اپنے گھر آتا ہے تو ادب سے اپنے دادا، دادی کو سلام کرتا ہے۔

2: علی جب بازار جاتا ہے تو اپنی نظروں کو نیچے رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔

3: فہد اپنے بڑے بھائی سعد کو بات بات پر جواب دیتا ہے۔

4: نجمہ کی امی جب اپنی دوست سے بات کرتی ہیں تو وہ ان کے درمیان میں بولتی رہتی ہے۔

5: سلیم کے بڑے بھائی کی جب شادی ہوئی تو انہوں نے ہال میں مرد و خواتین کا الگ الگ انتظام کیا تھا۔

6: قاسم جب اپنے دوستوں کی محفل میں ہوتا ہے تو اس کے دوست ایک دوسرے کو گالیاں بکتے ہیں مگر قاسم ایسا نہیں کرتا وہ خاموشی سے سنتا رہتا ہے۔

7: اسلم کو جب کبھی راستے میں اس کے استاد ملتے ہیں تو وہ ادب سے انہیں سلام کرتا ہے۔

8: حمنہ کے خاندان میں کبھی دعوت ہوتی ہے تو لڑکے لڑکوں کے ساتھ بیٹھتے ہیں اور لڑکیاں لڑکیوں کے ساتھ کھیلتی ہیں۔

9: عمیر کی دوستی خراب لڑکوں کے ساتھ تھی، اس نے اب اچھے دوستوں کی محفل اختیار کرلی۔

10: فیصل اکثر گھٹنے سے اوپر شارٹس پہن کر گھومتا پھرتا ہے۔

11: فراز کا معمول ہے کہ وہ رات کو ریڈیو پر موسیقی کا پروگرام سنتا ہے۔

12: جمشید کی بہنوں کو جب بازار سے کچھ منگوانا ہوتا ہے تو جمشید ان کو لا کر دیتا ہے۔

13: جمیل کے دوست اسے کوئی برا لطیفہ سناتے ہیں تو وہ ان کو منع کرتا ہے۔

14: راحیل کے بستہ اور پنسل بکس پر گلوکاروں کی تصاویر بنی ہیں۔

15: قدیر کمرہ جماعت میں سبق کے دوران چیونگم چباتا رہتا ہے۔

17: کاشف کا چھوٹا بھائی، ننھا زاہد اکثر سب کے سامنے اپنے کپڑے تبدیل کرلیتا ہے۔

18: صہیب اپنے موبائل سے اپنے دوستوں کو برے لطیفے بھیجتا ہے اور اس کے دوست اس کو آگے اپنے دوستوں کو بھیجتے ہیں۔

19: عابد سوئمنگ پول میں نہاتے وقت ناف سے لے کر گھٹنوں تک بڑی نیکر پہنتا ہے۔

20: معظم کے گھر کے واش روم میں بڑے بڑے آئینے لگے ہوئے ہیں۔

21: ندیم فارغ اوقات میں وقت گزاری کے لیے ٹی وی پر فلمیں، ڈرامے دیکھتا ہے۔

# مارچ

## تھیم: ’’علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا رب‘‘

**ہدایات برائے انچارجز**

1: ممبرز کو ’’علم‘‘ کے موضوع پر گروپ ڈسکشن کروایا جا سکتا ہے۔ (نکات دیے گئے ہیں)۔

2: ورڈ سرچ ممبرز کو کاپی کروا کر دیے جائیں تا کہ وہ مکمل کر سکیں۔

3: ممبرز کو دیے گئے اشعار کی فوٹو کاپی دے کر اگلے پروگرام میں ٹیم بنا کر بیت بازی کروائی جا سکتی ہے۔

4: طلبہ میں مقابلہ مضمون نویسی و مقابلہ مصوری کروایا جا سکتا ہے۔

# گروپ ڈسکشن ''علم'' (نکات)

معلومات اور علم میں فرق کیا ہے (Information & Knowledge)

علم کی اقسام:

☆فرض عین

☆فرض کفایہ

علم کے انسانی زندگی پر اثرات:

☆انفرادی

☆اجتماعی

علم کے حصول کے ذرائع:

☆کتابیں

☆انٹرنیٹ

☆کھیل

☆فیس بک

☆گھر

☆دوست

☆بزرگ

☆تعلیمی ادارہ

☆اور کوئی

آپ کے خیال میں علم حاصل کرنے کا سب سے بڑا فائدہ کیا ہے؟

# بیت بازی (اشعار)

آگاہ اپنی موت سے کوئی بشر نہیں
سامان سو برس کا ہے پل کی خبر نہیں

بازیچۂ اطفال ہے دنیا مرے آگے
ہوتا ہے شب و روز تماشہ مرے آگے

ان ہی پتھروں پہ چل کے اگر آسکو تو آؤ
مرے گھر کے راستے میں کوئی کہکشاں نہیں ہے

پوچھتے ہیں وہ کہ غالب کون ہے
کوئی بتلائے کہ ہم بتلائیں کیا

اب اداس پھرتے ہو سردیوں کی شاموں میں
اس طرح تو ہوتا ہے اس طرح کے کاموں میں

تم تکلف کو بھی اخلاص سمجھتے ہو فراز
دوست ہوتا نہیں ہر ہاتھ ملانے والا

اس سادگی پہ کون نہ مرے جائے اے خدا!
لڑتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں

تنگدستی گر نہ ہو غالب
تندرستی ہزار نعمت ہے

اب ہوائیں ہی کریں گی روشنی کا فیصلہ
جس دیے میں جان ہوگی وہ دیا رہ جائے گا

توحید تو یہ ہے کہ خدا حشر میں کہہ دے
یہ بندہ دو عالم سے خفا میرے لیے ہے

اے خاصۂ خاصان رسل وقت دعا ہے
امت پہ تری آکے عجب وقت پڑا ہے

جب تک بکا نہ تھا تو کوئی پوچھتا نہ تھا
تم نے خرید کر مجھے انمول کردیا

ارادے باندھتا ہوں، سوچتا ہوں، توڑ دیتا ہوں
کہیں ایسا نہ ہوجائے کہیں ویسا نہ ہوجائے

خنجر چلے کسی پہ تڑپتے ہیں ہم امیر
سارے جہاں کا درد ہمارے جگر میں ہے

بری اور بھلی سب گزر جائے گی
یہ کشتی یونہی پار اتر جائے گی

دل سے دل کو راہ ہوتی ہے
آہ ہوتی ہے واہ ہوتی ہے

بے خودی بے سبب نہیں غالب
کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

دیوار کیا گری مرے کچے مکان کی
لوگوں نے میرے صحن میں رستے بنالیے

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ طاعت کے لیے کچھ کم نہ تھے کرّ و بیاں

ذرہ ذرہ دے رہا ہے دعوت فکر و نظر
اپنی حالت پر ذرا ناداں! غور کر

زمانہ بڑے غور سے سن رہا تھا
ہم ہی سوگئے داستاں کہتے کہتے

شہادت ہے مطلوب و مقصود مومن
نہ مال غنیمت، نہ کشور کشائی

شہیدوں کے لہو سے جو زمین سیراب ہوتی ہے
بڑی زرخیز ہوتی ہے، بہت شاداب ہوتی ہے

صداقت ہو تو دل سینوں سے کھنچنے لگتے ہیں واعظ!
حقیقت خود کو منوالیتی ہے مانی نہیں جاتی

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

غیروں کو کیا پڑی ہے کہ رسوا کریں ہمیں
ان سازشوں میں ہاتھ کسی آشنا کا تھا

غیروں سے کہا تم نے غیروں سے سنا تم نے
کچھ ہم سے کہا ہوتا کچھ ہم سے سنا ہوتا

قتل حسینؓ اصل میں مرگ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

قلب میں سوز نہیں، روح میں احساس نہیں
کچھ بھی پیغام محمدؐ کا تمہیں پاس نہیں

کون کہتا ہے کہ موت آئی تو مرجاؤں گا
میں تو دریا ہوں سمندر میں اتر جاؤں گا

کوئی امید بر نہیں آتی
کوئی صورت نظر نہیں آتی

کعبہ کس منہ سے جاؤ گے غالب
شرم تم کو مگر نہیں آتی

کرو مہربانی تم اہل زمیں پر
خدا مہرباں ہوگا عرش بریں پر

گندم امیر شہر کی ہوتی رہی خراب
بیٹی مگر غریب کی، فاقوں سے مرگئی

گرتے ہیں شہسوار ہی میدان جنگ میں
وہ طفل کیا گرے گا جو گھٹنوں کے بل چلے

لب پر نعت نبیؐ کا نغمہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے
میرے نبیؐ سے میرا رشتہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے

میں کس کے ہاتھ پر اپنا لہو تلاش کروں
تمام شہر نے پہنے ہوئے ہیں دستانے

میں نے مانا کہ کچھ نہیں غالب
مفت ہاتھ آئے تو برا کیا ہے

موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

میں بھی منہ میں زباں رکھتا ہوں
کاش پوچھ کہ مدعا کیا ہے

میری نگاہ ٹھہرتی نہیں کہیں
ہر دم مجھے تلاش، نئے آسماں کی ہے

نہیں آتی تو ان کی یادٔ برسوں تک نہیں آتی
مگر جب یاد آتے ہیں تو اکثر یاد آتے ہیں

نور خدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن
پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

نہ کتابوں سے نہ کالج کے ہے ڈر سے پیدا
دین ہوتا ہے بزرگوں کی نظر سے پیدا

وہ کون سا عقدہ ہے جو وا ہو نہیں سکتا
ہمت کرے انسان تو کیا ہو نہیں سکتا

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہوجاتے ہیں بدنام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

ہم کو تو گردش حالات پہ رونا آیا
رونے والے تجھے کس بات پہ رونا آیا

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے مرے ارماں لیکن پھر بھی کم نکلے

ہے آج رخ ہوا کا موافق تو چل نکل
کل کی کسے خبر ہے، کدھر کی ہوا چلے

ہیں اور بھی دنیا میں سخن ور بہت اچھے
کہتے ہیں کہ غالب کا ہے انداز بیاں اور

ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے
آتے ہیں جو کام دوسروں کے

ہر اک بات پہ کہتے ہو تم کہ تو کیا ہے
تمہی بتاؤ کہ یہ انداز گفتگو کیا ہے

ہمت مرداں مدد خدا
کیے جاؤ کوششیں مرے دوستو!

یاران جہاں کہتے ہیں کشمیر ہے جنت
جنت کسی کافر کو ملی ہے نہ ملے گی

یورپ کی غلامی پہ رضا مند ہوا تو
مجھ کو گلہ تجھ سے ہے، یورپ سے نہیں ہے

میری نگاہ ٹھہرتی نہیں کہیں
ہر دم مجھے تلاش، نئے آسماں کی ہے

# الفاظ تلاش کریں

علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا رب

حصول علم کے حوالے سے درج ذیل الفاظ کو تلاش کریں

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ز | ق | ل | ط | ا | ل | ب | ع | ل | م | پ |
| ب | س | ت | ہ | پ | ء | ت | ا | ے | ق | ٹ |
| ا | س | ت | ا | د | ب | ر | ل | گ | ع | ک |
| ن | ژ | ع | پ | ے | ھ | گ | م | ک | د | ت |
| ش | ظ | ل | ق | ر | آ | ن | ہ | ے | ع | ا |
| ث | گ | ی | ل | ق | ب | ط | ژ | ا | ر | ب |
| ے | ر | م | م | د | ر | س | گ | ا | ہ | ر |
| و | ر | ت | ے | ت | پ | و | ث | ن | م | پ |
| ت | ع | ٹ | ہ | آ | خ | غ | ژ | س | ف | ہ |
| پ | ت | ل | ح | د | ی | ث | و | ق | ء | ے |

کتاب، قلم، درسگاہ، استاد، ادب، زبان، طالب علم، قرآن، حدیث، بستہ، تعلیم، عالم

# مقابلہ مصوری

موضوع: علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یار

اس موضوع پر خوبصورت سی تصویر بنا کر لائیں۔

# اپریل

## تھیم: ’’صحت وصفائی‘‘

**ہدایات برائے انچارجز**

1: کسی ڈاکٹر یا تجربہ کار فرد کے ساتھ ممبرز کی صحت وصفائی کے حوالے سے سوالات وجوابات کی نشست رکھی جاسکتی ہے۔

2: کیس اسٹڈی میں 2 کیس دیے گئے ہیں۔ ممبرز کو ان کی کاپی دے کر اس کے جوابات کی روشنی میں ڈسکشن کروایا جاسکتا ہے۔

3: صحت وصفائی کے حوالے سے الفاظ تلاش کروائے جاسکتے ہیں۔

# صحت وصفائی (کیس اسٹڈی)

آج پیر کا دن تھا، نعمان کو اسکول جانا تھا، اس کی امی نے اسے اٹھایا، نعمان اپنے بستر سے اٹھا، اسے بہت پیاس لگ رہی تھی، اٹھتے ہی وہ باورچی خانہ میں چلا گیا، گلاس اٹھا کر کولر سے اس میں پانی بھرا اور پی لیا، پھر وہ باتھ روم گیا، ضروریات سے فارغ ہو کر وہ بیسن پر گیا، پانی کا نل کھولا اور اس برش کو صاف کر کے اس پر توتھ پیسٹ لگا کر دانتوں میں برش کرنے لگا، برش کر کے اس نے پانی سے منہ دھویا اور اپنا اسکول کا یونیفارم تبدیل کرنے لگا، یونیفارم پہننے سے پہلے اس نے انہیں جھاڑا اور پھر اسے پہننے لگا، پہنتے وقت نعمان نے لباس کے دائیں حصے کو پہلے پہنا پھر بائیں حصے کو پہنا، کپڑے تبدیل کرنے کے بعد نعمان ناشتہ کرنے بیٹھا تو اس نے اپنے الٹے ہاتھ میں ٹوسٹ پکڑا ہوا تھا اور سیدھے ہاتھ میں دودھ کا کپ تھا، اب وہ ایک ہاتھ سے ٹوسٹ کھاتا اور دوسرے سے دودھ کا گھونٹ پیتا، یوں ناشتہ سے فارغ ہو کر وہ اپنا بستہ اٹھا رہا تھا کہ اس کی وین آ گئی اور وہ امی ابو کو سلام کرتا ہوا اسکول کی وین میں بیٹھ کر روانہ ہو گیا۔

**سوالات:**

☆ نعمان کے ان کاموں کی نشاندہی کیجئے جس میں اس نے صحت وصفائی کے آداب کا خیال رکھا ہے؟

☆ نعمان کے ان کاموں کی نشاندہی کیجئے جس میں اس نے آداب کے خلاف کام کیا ہے؟

☆ یہ بتائیے کہ خلاف آداب کاموں کو کیسے آداب کے مطابق کیا جاسکتا ہے؟

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

سلیم اور نجم ایک ہی اسکول میں آٹھویں جماعت کے طالب علم ہیں، دونوں میں گہری دوستی بھی ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم جماعت ہونے کے ساتھ ساتھ دونوں پڑوسی بھی ہیں، اس لیے دونوں کا ایک دوسرے کے ہاں آنا جانا بھی عام سی بات ہے لیکن ایک بات جو ان دونوں میں عجیب ہے، وہ یہ کہ دونوں کے مزاجوں میں بہت فرق ہے، ان کی عادات بھی ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

نجم ایک صحت مند لڑکا ہے، نہ صرف جسمانی طور پر بلکہ ذہنی طور پر بھی وہ جو سبق ایک دفعہ یاد کر لے اسے آسانی سے بھولتا نہیں، اس کے علاوہ وہ مضبوط اعصاب کا حامل اور توانا جسم رکھتا ہے جبکہ اس کے برعکس سلیم ایک تو جسمانی طور پر کمزور ہے اس کے ساتھ ہی وہ ذہنی طور پر بھی کمزور ہے، نجم تو ہر امتحان میں اپنی جماعت میں پہلی پوزیشن حاصل کرتا ہے جبکہ سلیم کا کہنا ہے کہ وہ پاس ہو جائے یہ بھی اس کے لیے بہت ہے، دونوں کے مزاجوں اور عادات میں یہ فرق بلاوجہ ہی نہیں بلکہ اس کی کئی وجوہات ہیں۔

نجم ایک ایسا لڑکا ہے جو ہمیشہ خوش وخرم رہتا ہے، وہ کام کو ہنس کھیل کر کرتا ہے اور ہشاش بشاش رہتا ہے، اسے محنت کرنا اچھا لگتا ہے اور وہ ہر کام خوش دلی کے ساتھ کرنے کے لیے چاق وچوبند رہتا ہے، نجم خوش اخلاق بھی ہے اور ہمیشہ مسکرانے والا زندہ دل لڑکا ہے مگر اس کے بالکل خلاف سلیم ہے، وہ اکثر پریشان اور افسردہ رہتا ہے، اسے غصہ بھی بہت جلدی آتا ہے، بات بات پر اسے رنج اور فکر ستائے رکھتی ہے، چھوٹا سا کام بھی اس کے لیے بہت مشکل معلوم ہوتا ہے اور اسے پریشان کیے رکھتا ہے۔ وہ کھانا تو کھاتا ہے اور اس کی غذا بھی اچھی ہے مگر جلن اور بلاوجہ کی پریشانی کی وجہ سے وہ ذہنی طور پر الجھا رہتا ہے اور یوں اس کی صحت پر کوئی اچھا اثر نہیں پڑتا۔

نجم ایسا لڑکا ہے جو بہت محنتی ہے، محنت اور مشقت کا کام وہ چیلنج سمجھ کر کرتا ہے اور بہادری سے ہر مسئلہ کا مقابلہ کرتا ہے۔

سلیم کا معاملہ الٹ ہے وہ سختیوں، تکلیفوں سے دور بھاگتا ہے اور سخت حالات کا مقابلہ کرنے سے گھبراتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ جماعت کے دیگر طلبہ سلیم کو سست اور کاہل کہتے ہیں جبکہ نجم سب کی نظروں میں ایک بہادر، چست اور پھرتیلی لڑکا ہے۔

ہاں ایک بات اور...... سلیم کو اسی سستی کی وجہ سے صبح جلدی اٹھنے میں دشواری ہوتی ہے جبکہ نجم صبح جلدی اٹھتا ہے اور ابو امی کے ساتھ نماز فجر ادا کرتا ہے اور اس کے بعد خوشی خوشی اسکول کی تیاری کرتا ہے۔

سوالات:

☆ نجم کی شخصیت کی پانچ اچھی عادات بتائیے؟

☆ سلیم کی شخصیت کی پانچ بری عادات بتائیے؟

☆ فرض کریں کہ آپ اگر نجم ہیں تو آپ سلیم کی عادات بدلنے کے لیے کیا کریں گے؟


# صحت وصفائی کے حوالے سے درج ذیل الفاظ کو تلاش کریں

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| م | س | و | ا | ک | ے | و | ٹ | ا | م | ن |
| ا | ق | ر | پ | ھ | ل | پ | ے | ہ | ک | پ |
| ح | و | ز | پ | ی | ص | ح | ت | و | ل | ا |
| و | ح | ش | ے | ل | ف | ژ | ص | ا | ب | ن |
| ل | ل | ی | ا | پ | ا | ک | ی | ز | گ | ی |
| د | و | د | ھ | ٹ | ء | س | ب | ز | ی | ا |
| پ | ز | خ | و | ش | ی | ث | ق | ل | ٹ | آ |

صحت، صفائی، مسواک، صابن، وٹامن، پھل، سبزی، پانی، ورزش، کھیل، ہوا، ماحول، خوشی، دودھ، پاکیزگی

# رنگ بھریں

پھل اور سبزیاں اللہ تعالیٰ کا ہمارے لیے بڑا تحفہ ہیں اور ہماری صحت کے لیے انتہائی ضروری ہیں۔
ہمیں چاہیے کہ اپنی روزانہ کی خوراک میں انہیں شامل کریں اور صحت مند زندگی گزاریں



# مئی

## ☆تھیم: ''مسلم ہیروز''

### ہدایات برائے انچارجز

1: ''ہمارے ہیرو'' کے موضوع پر ڈسکشن کروایا جاسکتا ہے۔(نکات دیے گئے ہیں)۔

2: طارق بن زیاد کی سی ڈی ''فاتح'' دکھا کر اس کے بارے میں سوالات پوچھے جاسکتے ہیں۔(سوالات دیے گئے ہیں)۔

3: کسوٹی (مسلم ہیروز) کی کاپی کروا کر بچوں سے شخصیت کے بارے میں پوچھیں۔

# طارق بن زیاد (وِڈیو کوئز شو)

(وِڈیو دکھا کر ممبرز سے یہ سوال پوچھے جا سکتے ہیں)

سوال: بچے نے دادا سے پہلا سوال کیا کیا؟
جواب: ''جبل طارق کو جبل طارق کیوں کہتے ہیں''۔

سوال: بچے نے دادا سے کس بات کی فرمائش کی؟
جواب: طارق بن زیاد کے بارے میں واقعات سنانے کی۔

سوال: طارق بن زیاد کا تعلق کس جگہ سے تھا؟
جواب: شمالی افریقا کے شہر تنجا سے تھا۔

سوال: موسیٰ بن نصیر کہاں کے گورنر تھے؟
جواب: شمالی افریقا۔

سوال: بوڑھا آدمی کیوں رو رہا تھا؟
جواب: کلیسا والے اس کے بچے کو لے گئے تھے کیوں کہ وہ کلیسا کی طرف سے ہونے والے ظلم پر آواز اٹھاتا تھا۔

سوال: طارق بن زیاد نے تنجا پہنچنے پر کیا دعا مانگی؟
جواب: اے اللہ تنجا میں امن فرما اور اپنا نظام نافذ کرنے میں ہماری مدد فرما۔

سوال: طارق بن زیاد نے مہاجرین کے حوالے سے کیا احکامات دیے؟
جواب: ان کی رہائش کا انتظام کرو، انہیں کھانا کھلاؤ، انہیں کپڑے پہناؤ۔

سوال: اسپین کے لوگ مسلمانوں کے کیوں منتظر تھے؟
جواب: ظالم حکومت سے نجات کے لیے۔

سوال: لوگوں کے دلوں کو کس طرح فتح کیا جا سکتا ہے؟
جواب: اخلاق و کردار سے۔

سوال: طارق بن زیاد کے لشکر میں کتنے مجاہدین شامل تھے؟
جواب: 5 ہزار۔

سوال: طارق بن زیادہ نے کشتیوں کے حوالے سے کیا حکم دیا تھا؟
جواب: جلانے کا۔

سوال: طارق نے واپسی کا راستہ بند کرنے کے لیے کیا کیا؟
جواب: کشتیاں جلوا دیں۔

سوال: طارق نے مجاہدوں سے مخاطب ہو کر جنگ کا اصل مقصد کیا بیان کیا؟
جواب: دین کی سربلندی اور اللہ کی رضا۔

سوال: دونوں لشکر کس دریا کے پاس جمع ہوئے؟
جواب: دریائے اشبلیہ۔

سوال: طارق بن زیاد نے اپنی فتح کی خبر فوری طور پر کس کو بھجوائی؟
جواب: موسیٰ بن نصیر کو۔

سوال: موسیٰ بن نصیر نے طارق کو کیا ہدایت بھیجی تھی؟
جواب: اسپینی فوجوں کا پیچھا کرنے کے بجائے واپس آنے کی۔

# کسوٹی (ہمارے ہیرو)

## اشاروں کی مدد سے شخصیات کو پہچانیں

## آخر میں سب کے نام دیے گئے ہیں

1: ریاست میسور کے آخری حکمران۔ والد کا نام حیدر علی۔ انگریزوں سے جنگ کرتے ہوئے غداروں کی سازش کے باعث شہید ہوئے۔تاریخ شہادت 4 مئی 1799ء ہے۔

2: اصل نام یوسف، شام کے سلطان، خاندان ایوبی کے بانی اور تیسری صلیبی جنگ میں اسلامی افواج کے کمانڈر۔ بے انتہا نڈر اور رحم دل۔ بیت المقدس کو دوبارہ مسلمانوں کے قبضے میں لانے والے مجاہد۔1193ء فروری میں بیماری کے باعث انتقال ہوا۔

3: خلافت بنو امیہ کے عہد کے پہلے مسلمان جرنیل جس نے یورپ میں اسلامی پرچم لہرایا۔ فاتح اندلس کے نام سے بھی جانے جاتے ہیں۔ان کے نام سے پہاڑ جبرالٹر مشہور ہے۔آپ کا تعلق شمالی افریقا کے شہر تنجا سے تھا۔

4: سترہ سالہ عرب مسلمان فاتح جس نے 712ء میں سندھ کو فتح کر کے یہاں اسلامی حکومت قائم کی۔ بہترین اخلاق و کردار کے مالک، گورنر حجاج بن یوسف کے بھتیجے اور داماد تھے۔

5: شام کے حکمران تھے۔اپنے والد عماد الدین زنگی کی وفات کے بعد تخت نشین ہوئے۔اپنے دور حکومت میں صلاح الدین ایوبی کو مصر کا گورنر مقرر کیا۔ دوسری صلیبی جنگوں میں عیسائیوں سے ڈٹ کر مقابلہ کیا۔

6: خلافت اموی کے ساتویں خلیفہ۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ کے نقش قدم پر خلافت کی ذمہ داری ادا کی۔آپ کا زمانہ خلافت تقریباً تین برس ہے۔۔علم الحدیث اور قرآن پر آپ کو بہت دسترس حاصل تھی۔آپ نے اپنے دور خلافت میں لوگوں کی ضبط شدہ جائیدادانہیں واپس دلوائی۔ انتہائی سادہ اور درویش صفت تھے۔

7: ابتداء میں اسلام کے شدید مخالف تھے۔ اسلام قبول کرنے کے بعد اسلام کی قوت بن کر ابھرے۔ تمام غزوات میں شریک رہے۔ ذہانت اور وسیع النظری کے باعث رسول پاکؐ کے خاص مشیروں میں شامل تھے۔ تقریباً دس سال خلیفہ رہے اور اس دوران دو عظیم طاقتوں ایران اور روم کو شکست دی۔ یکم محرم الحرام کو آپ شہید ہوئے۔

8: نسلاً حبشی تھے۔ غلاموں میں سب سے پہلے اسلام لانے والوں میں ہیں۔ امیہ بن خلف کے غلام تھے۔ حضرت ابو بکرؓ نے خرید کر آزاد کروایا تھا۔ موذن رسولؐ کے نام سے بھی جانے جاتے ہیں۔

9: ۸ھ میں اسلام قبول کیا۔ سپہ سالاری کے اعتبار سے بے حد معروف تھے۔ رسول پاک ﷺ نے آپ کو سیف اللہ کا لقب دیا۔ تاریخ اسلام کے ابتدائی عہد کا کوئی معرکہ آپ کے تذکروں سے خالی نہیں۔

10: پیارے نبی ﷺ کے نواسے اور حضرت فاطمہؓ اور حضرت علیؓ کے دوسرے فرزند۔ 10 محرم 41ھ کو کربلا کے مقام پر آپ کو کلمہ حق بلند کرنے کی پاداش میں شہید کر دیا گیا۔ آپ کی قبر کربلا میں واقع ہے۔

## جوابات ان میں سے تلاش کریں

طارق بن زیاد، نورالدین زنگی، عمر بن عبدالعزیز، محمد بن قاسم، صلاح الدین ایوبی،

خالدؓ بن ولید، ٹیپو سلطان، حضرت امام حسینؓ، حضرت بلالؓ بن رباح، عمر بن خطابؓ،

# (گروپ ڈسکشن) ہمارے ہیروز

## نکات:

☆ ہیرو کسے کہتے ہیں؟

☆ ہیرو میں کون کون سی خوبیاں ہونی چاہئیں؟

☆ ہیرو کون ہوتا ہے وہ جو خود کو ہیرو سمجھے یا جسے لوگ ہیرو سمجھیں؟

☆ ہیرو بننے کا مقصد کیا ہونا چاہیے؟

1: شہرت

2: دولت

3: خدمت خلق

4: اللہ کی رضا

5: کوئی اور

☆ وہ کون سے کام ہیں جنہیں کر کے ہم بھی ہیرو بن سکتے ہیں؟

☆ آپ کے پسندیدہ ہیرو کون ہیں؟

☆ اپنے پسندیدہ ہیرو کی 5 خوبیاں بیان کریں؟

# جون

## ☆تھیم: ''مسلم ہیں ہم، وطن ہے، سارا جہاں ہمارا''

**ہدایات برائے انچارجز**

1: ممبرز کے درمیان اس موضوع پر مقابلہ تقریر کروایا جاسکتا ہے۔

2: کوئز کی کاپی ممبرز میں تقسیم کر کے اگلے پروگرام میں مقابلہ کوئز کروایا جاسکتا ہے۔

3: ڈاکومینٹری (مسلم ورلڈ) دکھا کر سوالات پوچھے جاسکتے ہیں۔

4: سرگرمی کے طور پر اسلامی ممالک کے جھنڈوں پر رنگ کروایا جاسکتا ہے۔

5: ''ممالک کے نام تلاش کریں'' کی کاپی دے کر ممالک کے نام تلاش کروائے جاسکتے ہیں۔

# مسلم ممالک کے نام تلاش کریں

گھڑی دیکھ کر مسلم ممالک کے نام تلاش کریں اور معلوم کریں کہ کتنی دیر میں آپ نے نام تلاش کیے

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ج | د | ط | غ | ش | د | س | ق | ک | ی | ب | ت | ر |
| ا | پ | ا | ک | س | ت | ا | ن | پ | ل | ء | ل | ر | ک | م |
| و | ف | ر | ف | ص | ض | م | ص | ر | ج | ا | ا | ب | ط | ع |
| م | ق | ر | م | غ | و | ف | و | ء | ے | ی | م | ن | ن | ذ |
| ڈ | ل | س | و | ذ | ا | ن | ی | ش | و | ش | ط | ا | ت | ہ |
| ا | و | ی | ل | ا | ء | ن | و | چ | ے | ی | ن | ء | پ | ی |
| ع | گ | ر | ش | ق | ا | ب | س | ء | م | ن | ء | ج | ذ | ے |
| م | ا | ل | د | ع | پ | گ | م | ت | ہ | و | گ | ر | ط | ز |
| ا | و | خ | ڈ | و | ا | چ | ک | ر | ا | ڈ | چ | ع | ہ | ق |
| ن | ح | ق | ط | ر | ش | ء | د | ک | ث | ن | ق | م | ز | ح |
| س | ع | و | د | ی | ع | ر | ب | ی | س | ا | ث | ہ | ے | پ |

نائجیر، مالی، سوڈان، عمان، شام، ترکی، قطر، پاکستان، مصر، یمن، انڈونیشیا، ملائیشیا، مالدیپ، افغانستان، سعودی عرب

# مقابلہ تقریر

موضوع: ''مسلم ہیں ہم وطن ہے سارا جہاں ہمارا''

# ویڈیو شو کوئز

## مسلم ہیں ہم وطن ہے……

### ویڈیو دکھا کر ممبرز سے یہ سوالات کیے جا سکتے ہیں۔ ویڈیو کے لیے بزم شاہین کے نگراں سے رابطہ کریں

سوال: اس ویڈیو میں جن درسگاہوں کا ذکر کیا گیا ہے ان میں سے 3 کے نام بتائیے۔

(جامعۃ الازہر، قرطبہ یونیورسٹی، بیت الحکمہ)

سوال: ویڈیو میں کن کن مسلم ہیروز کے نام لیے گئے ہیں؟ (کوئی چار)

(امام بخاری، امام غزالی، ابن سینا، خالد بن ولید، عمر فاروقؓ)

سوال: ہمارا قانون کیا ہے؟

(قرآن)

سوال: ہمارے دور حکومت میں کون کون سی معاشرتی خوبیاں پائی جاتی ہیں؟

(سچائی، پاکیزہ اخلاق، ایثار)

سوال: حضرت عمرؓ کتنی مسلم ریاستوں کے حکمراں تھے جب ایک عورت نے انہیں منبر پر ہی ٹوک دیا تھا؟

(گیارہ)

سوال: زبانوں کے مختلف ہونے کے باوجود ہمیں کیا چیز مضبوط رکھ سکتی ہے؟

(عقیدہ) (اسلامی عقائد)

سوال: اسلام کیسی قومیت ہے، اس کا مرکز کیا ہے اور رہنما کون ہیں؟

(متحدہ) (کعبہ) (محمدؐ)

سوال: کن کن مقامات کا نام لے کر کہا گیا کہ یہ ہمارے ہیں؟

(شمالی افریقا، عراق، دریائے فرات، فلسطین، مصر، قسطنطنیہ، فارس وافغانستان)

سوال: ویڈیو میں وہ کونسا عمل بتایا گیا ہے جس کے ہونے سے وہ تمام جگہیں بھی ہماری ہیں؟

قرآن کی تلاوت

# مسلم ممالک کی معلومات

سوال: ترکی میں کون سی زبان بولی جاتی ہے؟

جواب: ترکی زبان۔

سوال: ترکی کا سکہ کون سا ہے؟

جواب: ترکی لیرا۔

سوال: ترکی کا دارالحکومت کون سا ہے؟

جواب: انقرہ۔

سوال: انڈونیشیا کا دارالحکومت کون سا ہے؟

جواب: جکارتہ۔

سوال: ایران کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: تومان۔

سوال: ایران کا سرکاری مذہب کیا ہے؟

جواب: اسلام۔

سوال: ایران کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: تہران۔

سوال: ایران کے مشہور شہروں کے نام بتائیں؟

جواب: اصفہان، مشہد، شیراز، تبریز، تہران۔

سوال: ایران کس صنعت کے لیے مشہور ہے؟

جواب: قالین۔

سوال: ایران کے کسی دو پڑوسی ممالک کا نام بتائیں؟

جواب: ترکمانستان، پاکستان، افغانستان، عراق۔

سوال: مصر کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: قاہرہ۔

سوال: مصر کے مشہور شہروں کے نام بتائیں؟

جواب: اسکندریہ، پورٹ سعید، قاہرہ، سویز۔

سوال: مصر کی سب سے بڑی یونیورسٹی کا نام بتائیں؟

جواب: جامعۃ الازہر۔

سوال: کویت کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: کویت شہر۔

سوال: دنیا میں سب سے بڑا سمندری پانی صاف کرنے کا پلانٹ کہاں ہے؟

جواب: کویت۔

سوال: لبنان کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: بیروت۔

سوال: لبنان میں کس چیز کے کارخانے زیادہ تعداد میں ہیں؟

جواب: کپڑے کے کارخانے، تیل صاف کرنے کے کارخانے۔

سوال: ملائیشیا میں کون سی دو بڑی زبانیں زیادہ بولی جاتی ہیں؟

جواب: چینی اور ملائی۔

سوال: ملائیشیا کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: رنگٹ۔

سوال: ملائیشیا کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: کوالالمپور۔

سوال: کینیا کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: نیروبی۔

سوال: کینیا کس براعظم میں موجود ہے؟

جواب: براعظم افریقا۔

سوال: سعودی عرب کا رقبہ کتنا ہے؟

جواب: 8,73,000 مربع میل۔

سوال: تنزانیہ کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: تنزانین شلنگ۔

سوال: تنزانیہ کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: دودوما۔

سوال: بحرین کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: منامہ۔

سوال: اردن کے درالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: عمان۔

سوال: نائیجیر کی زبان کون سی ہے؟

جواب: فرانسیسی۔

سوال: نائیجیر کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: نیامے۔

سوال: مراکش کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: درہم۔

سوال: مراکش کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: رباط۔

سوال: قطر کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: ریال۔

سوال: قطر کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: دوہا۔

سوال: تیونس کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: تیونس شہر۔

سوال: افغانستان کا سرکاری مذہب کیا ہے؟

جواب: اسلام۔

سوال: افغانستان کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: کابل۔

سوال: گنی بساؤ کی زبان کونسی ہے؟

جواب: پرتگالی۔

سوال: گنی بساؤ کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: ایسکرڈو۔

سوال: گنی بساؤ کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: بساؤ۔

سوال: شام کی زبان کونسی ہے؟

جواب: عربی۔

سوال: شام کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: دمشق۔

سوال: شام کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: شامی پونڈ۔

سوال: جبوتی کب آزاد ہوا تھا؟

جواب: 27 جون 1977ء۔

سوال: جبوتی میں کون سی دو بڑی زبانیں بولی اور سمجھی جاتی ہیں؟

جواب: صومالی، فرانسیسی۔

سوال: جبوتی کا دارالحکومت کون سا ہے؟

جواب: جبوتی شہر۔

سوال: بنگلہ دیش کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: ٹکا۔

سوال: بنگلہ دیش کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: ڈھاکا۔

سوال: جمہوریہ نائیجیریا کی سرکاری زبان کیا ہے؟

جواب: انگریزی۔

سوال: جمہوریہ نائیجیریا کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: لاگوس۔

سوال: متحدہ عرب امارات کی سرکاری زبان کیا ہے؟

جواب: عربی۔

سوال: گیمبیا کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: بنجول۔

سوال: گیمبیا کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: ڈلاسی۔

سوال: صومالیہ کا سرکاری مذہب کیا ہے؟

جواب: اسلام۔

سوال: صومالیہ کی سرکاری زبان کونسی ہے؟

جواب: صومالی۔

سوال: صومالیہ کے دارالحکومت کے نام بتائیں؟

جواب: موغادیشو۔

سوال: زمبیا کی زبان کیا ہے؟

جواب: بسوتو، انگریزی۔

سوال: زمبیا کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: کواچا۔

سوال: زمبیا کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: لوساکا۔

سوال: زمبیا میں کون سی معدنیات ہوتی ہیں؟

جواب: سیسہ، کوبالٹ، زنک۔

سوال: ملاوی کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: کواچا۔

سوال: ملاوی کی زبان کون سی ہے؟

جواب: بنتو۔

سوال: ملاوی کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: لی لونگوے۔

سوال: لیبیا کی سرکاری زبان کیا ہے؟

جواب: عربی۔

سوال: لیبیا کا سرکاری مذہب کیا ہے؟

جواب: اسلام۔

سوال: لیبیا کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: طرابلس۔

سوال: گنی کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: سائلی۔

سوال: گنی کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: کوناکری۔

سوال: قبرص میں کون سی زبانیں زیادہ بولی اور سمجھی جاتی ہیں؟

جواب: یونانی، ترکی، انگریزی۔

سوال: قبرص میں کون سے دو بڑے مذاہب ہیں؟

جواب: اسلام، یونانی آرتھوڈکس۔

سوال: قبرص کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: نکوسیا۔

سوال: سوڈان کی سرکاری زبان کیا ہے؟

جواب: عربی۔

سوال: سوڈان کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: سوڈانی پونڈ۔

سوال: سوڈان کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: خرطوم۔

سوال: سوڈان کے مشہور شہروں کے نام بتائیں؟

جواب: خرطوم، ام درمان، پورٹ سوڈان، العبید۔

سوال: سوڈان میں کن کن چیزوں کی پیداوار زیادہ ہوتی ہے؟

جواب: چاول، کافی، کھجور، کپاس، تل، گوند، کھالیں۔

سوال: چاڈ کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: انجمانا۔

سوال: چاڈ کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: فرانک۔

سوال: چاڈ کب آزاد ہوا تھا؟

جواب: 11 اگست 1960ء۔

سوال: الجزائر کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: الجزیرہ۔

سوال: الجزائر کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: دینار۔

سوال: مالدیپ میں کونسی زبانیں زیادہ بولی اور سمجھی جاتی ہیں؟

جواب: عربی، سنہالی۔

سوال: مالدیپ کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: مالے۔

سوال: مالدیپ کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: مالدیپی روپیہ۔

سوال: عراق کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: دینار۔

سوال: عراق کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: بغداد۔

سوال: عراق کی سرکاری زبان کیا ہے؟

جواب: عربی۔

سوال: البانیہ کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: لیک۔

سوال: البانیہ کی قومی زبان کیا ہے؟

جواب: البانوی۔

سوال: البانیہ کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: ترانہ۔

سوال: ماریشس کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: پورٹ لوئیس۔

سوال: عمان کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: مسقط۔

سوال: ماریطانیہ میں کون سی زبانیں زیادہ بولی اور سمجھی جاتی ہیں؟

جواب: عربی فرانسیسی۔

سوال: ماریطانیہ کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

جواب: نواک شوط۔

سوال: ماریطانیہ کی کرنسی کا نام بتائیں؟

جواب: اوگوئی۔

سوال: برونائی دارالسلام اپنا یوم آزادی کس دن مناتا ہے؟

جواب: یکم جنوری۔

سوال: برونائی دارالسلام میں کون سی زبان بولی اور سمجھی جاتی ہے؟

جواب: ملائی، انگریزی۔

سوال: برونائی دارالسلام کے سربراہ کو خلیفہ۔ سلطان یا شاہ میں سے کیا کہتے ہیں؟

جواب: سلطان۔

سوال: کیا آپ جانتے ہیں کہ شہنشاہ بابر کس خطہ کا رہنے والا تھا؟

جواب: ازبکستان۔

سوال: بتایئے ازبکستان کے دارالحکومت کا نام کیا ہے؟

جواب: تاشقند۔

سوال: یہ بتایئے کہ ازبکستان کے مشہور شہر کون سے ہیں؟

جواب: تاشقند، بخارا، فرغانہ، سمرقند۔

سوال: یہ بتایئے کہ آذربائیجان میں کتنے فیصد مسلمان آباد ہیں؟

جواب: 78 فیصد۔

سوال: کیا آپ جانتے ہیں کہ ترکمانستان کا دارالحکومت کون سا شہر ہے؟

جواب: اشک آباد۔

سوال: یہ بتایئے کہ ترکمانستان کی کتنی فیصد آبادی مسلمان ہے؟

جواب: نوے فیصد۔

سوال: یہ بتایئے کہ ترکمانستان میں کس نسل کے لوگ زیادہ آباد ہیں؟

جواب: ترک۔

سوال: کیا آپ جانتے ہیں کہ تاجکستان کا دارالحکومت کون سا شہر ہے؟

جواب: دوشانبے۔

سوال: یہ بتایئے کہ تاجکستان میں کتنے فیصد مسلمان آباد ہیں؟

جواب: 80 فیصد۔

سوال: یہ بتایئے کہ تاجکستان کو جمہوریہ کا درجہ کب دیا گیا تھا؟

جواب: 1929ء میں۔

سوال: کیا آپ جانتے ہیں کہ تاجکستان کے دارالحکومت دوشانبے میں کون سی زیادہ بولی جاتی ہے؟


جواب: فارسی۔

سوال: پاکستان کے پڑوسی اسلامی ممالک کے نام بتائیں؟


جواب: افغانستان، ایران۔

# مقابلہ مصوری


## جھنڈوں میں رنگ بھریں




ایران




سعودی عرب




مصر




ترکی




انڈونیشیا




اراق




مالدیپ




پاکستان




تاجکستان



ملائیشیا



کویت



سوڈان

# جولائی

## ☆ تھیم: رمضان ماہ قرآن

**ہدایات برائے انچارجز**

1: قرآن کوئز کی کاپی ممبرز میں تقسیم کروا کر اگلے پروگرام میں مقابلہ کوئز کروایا جا سکتا ہے۔ (سوالات دیے گئے ہیں)

2: مقابلہ قرأت و نعت خوانی کروایا جا سکتا ہے۔

3: ''راستہ تلاش کریں'' کی کاپی کروا کر ممبرز سے بھروایا جائے تا کہ انہیں نیکیوں اور برائیوں کی پہچان ہو سکے۔

4: عید سے پہلے ''عید کارڈ'' بنوانے کا مقابلہ کروایا جا سکتا ہے۔

5: بچوں کی چھٹیوں کی مناسبت سے ایک سرگرمی ''آج کی سرگرمی'' کے نام سے دی گئی ہے، وہ ممبرز میں تقسیم کر کے ان پر روزانہ کی بنیاد پر عمل کروایا جا سکتا ہے۔

# قرآن کوئز

سوال: دنیا میں سب سے زیادہ کون سی کتاب پڑھی جاتی ہے؟

جواب: قرآن مجید۔

سوال: قرآن مجید کی کل آیات کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: قرآن مجید کی کل آیات کی تعداد چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ ہے۔

سوال: قرآن مجید کتنے حصوں میں تقسیم ہے؟

جواب: تیس حصوں میں۔

سوال: ہر پارے میں کتنے رکوع ہوتے ہیں؟

جواب: ایک پارہ میں پندرہ سے بیس رکوع ہوتے ہیں۔

سوال: قرآن مجید میں کل کتنے رکوع ہیں؟

جواب: پانچ سو چالیس۔

سوال: قرآن مجید کی کل کتنی منزلیں ہیں؟

جواب: سات۔

سوال: قرآن مجید کی سب سے بڑی سورۃ کون سی ہے؟

جواب: سورۃ البقرہ۔

سوال: قرآن مجید کی کون سی سورۃ کے آغاز میں بسم اللہ نہیں ہے؟

جواب: سورۃ التوبہ۔

سوال: قرآن مجید کی کون سی سورۃ میں دو مرتبہ بسم اللہ آئی ہے؟

جواب: سورۃ النمل۔

سوال: آیت کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب: آیت کے لغوی معنی نشانی ہیں۔

سوال: سورۃ کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب: سورۃ کے معنی عربی زبان میں رفعت وعظمت کے ہیں۔

سوال: البقرہ سے والناس تک قرآن مجید کی سورتوں کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: ایک سو چودہ۔

سوال: وحی کسے کہتے ہیں؟

جواب: وہ کلام یا اشارہ جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نبیوں اور رسولوں کی طرف بھیجا جاتا ہے ''وحی'' کہلاتا ہے۔

سوال: برصغیر میں سب سے پہلے قرآن مجید کا ترجمہ کون سی زبان میں ہوا؟

جواب: سندھی۔

سوال: برصغیر میں سب سے پہلے قرآن مجید کی تفسیر کس نے لکھی؟

جواب: مولانا عثمان خیر آباد نے۔

سوال: یہ تفسیر کس زبان میں لکھی گئی؟

جواب: فارسی میں۔

سوال: سب سے پہلے کاتب وحی کون ہیں؟

جواب: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

سوال: قرآن مجید کون سے مہینے میں نازل ہوا؟

جواب: رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں۔

سوال: قرآن مجید کی سب سے پہلی وحی کس جگہ نازل ہوئی؟

جواب: غار حرا میں۔

سوال: اردو میں قرآن مجید کا سب سے پہلا ترجمہ اور تفسیر کس نے لکھی؟

جواب: مولانا قاضی محمد معظم سنبھلی نے سب سے پہلے اردو میں ترجمہ وتفسیر لکھی۔

سوال: قرآن مجید کا عبرانی زبان میں ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: ہرمن رکنڈرف نے۔

سوال: عبرانی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ کب شائع ہوا؟

جواب: 1857ء میں۔

سوال: سب سے پہلے فارسی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: شیخ سعدی رحمتہ اللہ علیہ نے۔

سوال: جاپانی زبان میں سب سے پہلے قرآن مجید کا ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: شیخ عبدالرشید ابراہیم نے۔

سوال: انگریزی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ سب سے پہلے کب شائع ہوا؟

جواب: 1648ء میں۔

سوال: قرآن مجید کا سب سے پہلے ہندی زبان میں ترجمہ کب ہوا؟

جواب: 1883ء میں۔

سوال: قرآن مجید میں سب سے زیادہ ذکر کس نبی کا کیا گیا ہے؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا۔

سوال: چینی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ سب سے پہلے کب شائع ہوا؟

جواب: 1923ء میں۔

سوال: آخری وحی کے کاتب کون ہیں؟

جواب: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

سوال: قرآن مجید کا پہلا سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟

جواب: سورۃ الاعراف میں۔

سوال: قرآن مجید کا دوسرا سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟

جواب: سورۃ الرعد میں۔

سوال: قرآن مجید کا تیسرا سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟

جواب: سورۃ النحل میں۔

سوال: قرآن مجید کا چوتھا سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟

جواب: سورۃ بنی اسرائیل میں۔

سوال: قرآن مجید کا پانچواں سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟

جواب: سورۃ مریم میں۔

سوال: قرآن مجید کا چھٹا سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟

جواب: سورۃ الحج میں۔

سوال: قرآن مجید کا ساتواں سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟

جواب: سورۃ الفرقان میں۔

سوال: قرآن مجید کا آٹھواں سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟

جواب: سورۃ النمل میں۔

سوال: قرآن مجید کا نواں سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟

جواب: سورۃ السجدہ میں۔

سوال: قرآن مجید کا دسواں سجدہ کس سورۃ میں آتا ہے؟

جواب: سورۃ ص میں۔

سوال: علامہ جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ نے کتنی عمر میں قرآن مجید حفظ کیا تھا؟

جواب: آٹھ سال کی عمر میں۔

سوال: امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ نے کتنی عمر میں قرآن مجید حفظ کیا؟

جواب: سات سال کی عمر میں۔

سوال: سب سے پہلے کس صحابی نے ایک رکعت میں پورا قرآن مجید پڑھا؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

سوال: قرآن مجید کے کس پارہ میں صرف ایک سورۃ ہے؟

جواب: دوسرے پارے میں۔

سوال: قرآن مجید کی سورۃ کوثر کب نازل ہوئی تھی؟

جواب: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صاحبزادے حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وصال مبارک کے موقع پر۔

سوال: قرآن مجید کی کتنی سورتیں ایک ساتھ نازل ہوئیں؟

جواب: دو۔ سورۃ الفلق اور سورۃ الناس۔

سوال: سورۂ نصر کو اور کس نام سے پکارا جاتا ہے؟

جواب: سورۃ الوداع۔

سوال: قرآن مجید کے حروف پر اعراب کس نے لگوائے تھے؟

جواب: حجاج بن یوسف نے۔

سوال: آیت الکرسی کس سورۃ میں ہے؟

جواب: سورۃ البقرہ میں۔

سوال: قرآن مجید کا سب سے پہلے نازل ہونے والا لفظ کون سا ہے؟

جواب: اقراء۔

سوال: احسن القصص (بہترین قصہ) کس سورۃ کو کہتے ہیں؟

جواب: سورۃ یوسف کو۔

سوال: سب سے پہلے نازل ہونے والی سورۃ کا نام کیا ہے؟

جواب: سورۂ علق۔

سوال: اس صحابی کا نام بتائیے جس کی قرآن مجید خوش الحانی میں پڑھنے پر حضور علیہ السلام نے تعریف کی؟


جواب: حضرت سالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

سوال: قرآن مجید کتنے عرصہ میں نازل ہوا؟

جواب: 22 سال 5 ماہ تقریباً۔

# راستہ تلاش کریں

عبدالرحمٰن چھٹی کلاس کا طالب علم ہے، آج اس کا روزہ ہے، آپ پنسل کی مدد سے آغاز تا اختتام دیکھ کر بتایئے کہ آج عبدالرحمٰن کا روزہ کیسا گزرا؟



# آج کی سرگرمی

**دی گئی سرگرمیوں کو انجام دینے کے بعد اپنی نوٹ بک میں بمع تاریخ درج کریں۔مہینہ کے اختتام پر ان سرگرمیوں کے جوابات اپنے انچارج پروگرام کو دکھائیں**

1 جولائی: اپنے گھر سے قریبی پارک یا گراوٴنڈ تک کے قدم گنیں۔

2 جولائی: آج اپنے کسی دوست کو کوئی تحفہ دیں۔

3 جولائی: آج کاپی پر اخلاق کے حوالے سے 5 احادیث تحریر کریں۔

4 جولائی: آئینہ دیکھنے کی دعا یاد کریں۔

5 جولائی: آج کیا گیا کوئی سا نیک کام کاپی پر تحریر کریں۔

6 جولائی: اپنے کسی دوست کو اپنے ساتھ نماز پڑھنے کے لیے لے جائیں۔

7 جولائی: اپنے والدین/ بڑوں سے ان کی زندگی کا کوئی یادگار واقعہ سنیں۔

8 جولائی: اپنے دوست سے پوچھیں کہ وہ بڑے ہوکر کیا بننا چاہتا ہے اور کیوں۔

9 جولائی: اس محاورے کے معنی تلاش کریں ''جیسی روح ویسے فرشتے''

10 جولائی: آپ کی نظر میں ماہ جولائی کے رسالہ ساتھی کی سب سے اچھی کہانی کا نام اور وجہ تحریر کریں۔

11 جولائی: احمد نے ناصر کو 10 لاکھ روپے دیے، بتایئے کہ اگر وہ تمام رقم 1 روپے یا 5 روپے یا 10 روپے یا 100 روپے والے نوٹ کی شکل میں ہوں تو کتنے کتنے نوٹ ہوں گے۔(الگ الگ ہر نوٹ کی تعداد بتائیں)

12 جولائی: آج مغرب کی نماز کی 2 سنتوں میں آپ نے کون سی سورتیں تلاوت کیں؟

13 جولائی: آج کے اخبار سے کوئی اہم خبر تحریر کریں۔

14 جولائی: آج آپ کم از کم 20 لوگوں کو سلام کریں۔

15 جولائی: پاکستان کے اب تک رہنے والے صدور کے نام اور ان کے سال بھی لکھیے۔

16 جولائی: آج اپنے گھر کی صفائی کریں۔

17 جولائی: اپنے دوست سے 5 سوالات کا انٹرویو کریں۔

18 جولائی: آپ کا پسندیدہ Subject کون سا ہے اور کیوں؟

19 جولائی: گھر سے نکلنے کی دعا یاد کریں۔

20 جولائی: (SCOURGE, HYPOCRITE, QUILL, TESTIMONY, VENGEANCE) انگریزی الفاظ کے مطلب ڈکشنری میں دیکھیں۔

21 جولائی: اپنے کسی دوست کے والد سے پوچھیں کہ بچپن میں وہ بڑے ہوکر کیا بننا چاہتے تھے؟

22 جولائی: اپنے گھر سے مسجد تک کے قدم گنیں، مسجد کی جانب اٹھنے والے ہر قدم پر نیکی ہے۔

23 جولائی: قرآن کی کم از کم 25 سورتوں کے نام یاد کریں۔

24 جولائی: اپنی اسکول کی زندگی کا یادگار واقعہ تحریر کریں۔

25 جولائی: اپنے بڑوں سے پوچھیں کہ انسان کو کیوں پیدا کیا گیا ہے؟

26 جولائی: کم از کم 15 پھلوں کے نام لکھیں۔

27 جولائی: گھر میں داخل ہونے کی دعا یاد کریں۔

28 جولائی: نماز کے لیے مسجد جاتے ہوئے راستے سے پتھر اور کانٹے وغیرہ ہٹائیں۔

29 جولائی: **سبحان ربی الاعلیٰ** اور **سبحان ربی العظیم** کے معنی تحریر کریں۔

30 جولائی: اپنے اسکول کے ہوم ورک کا جائزہ لیں۔

31 جولائی: اپنے گھر میں موجود دروازوں کی تعداد گن کر لکھیے۔

# اگست

## ☆تھیم: ''یوم آزادی''

<u>ہدایات برائے انچارجز</u>

1: یوم آزادی کی مناسبت سے مقابلہ تقریر کروایا جاسکتا ہے۔

2: کوئز کے صفحات کی کاپی ممبرز میں تقسیم کر کے اگلے پروگرام میں مقابلہ کوئز کروایا جاسکتا ہے۔

3: دیے گئے موضوع پر مقابلہ مصوری کروایا جاسکتا ہے۔

4: ملی نغمے وترانے کا مقابلہ کروایا جاسکتا ہے۔

5: ''مستقبل کا پاکستان'' پر ممبرز کے درمیان مقابلہ پریزینٹیشن کروایا جاسکتا ہے۔

6: ''آج کی سرگرمی'' کی کاپی ممبرز کو دیکر ان سے اس پر عمل کروایا جاسکتا ہے تاکہ انہیں چھوٹی چھوٹی چیز کو سوچنے اور اس پر عمل کرنے پر تیار کیا جاسکے۔

# مقابلہ کوئز پاکستان

سوال: پاکستان کا زرعی عجائب گھر کہاں ہے؟

جواب: فیصل آباد۔

سوال: پاکستان کا کل رقبہ کتنا ہے؟

جواب: 796095 مربع کلومیٹر۔

سوال: سب سے پہلے پاکستان نے اپنے ڈاک ٹکٹ پر کس جانور کی تصویر چھاپی تھی؟

جواب: اونٹ۔

سوال: پاکستان کا خشک ترین صوبہ کون سا ہے؟

جواب: بلوچستان۔

سوال: پاکستان کا قومی ترانہ پہلی مرتبہ کب نشر کیا گیا تھا؟

جواب: 13 اگست 1954ء۔

سوال: پاکستان کا سب سے بڑا جنگل کون سا ہے؟

جواب: چھانا مانگا۔

سوال: پاکستان کے پہلے وزیراعظم کا نام بتایئے؟

جواب: نوابزادہ لیاقت علی خان۔

سوال: پاکستان کے پہلے گورنر جنرل کا نام بتائیں؟

جواب: قائداعظم محمد علی جناحؒ۔

سوال: پاکستان کا سب سے پہلا ایٹمی بجلی گھر کہاں واقع ہے؟

جواب: کراچی۔

سوال: پاکستان کا سب سے بڑا عجائب گھر کہاں واقع ہے؟

جواب: کراچی (نیشنل میوزیم)

سوال: پاکستان کی سب سے بڑی جھیل کون سی ہے؟

جواب: منچھر جھیل۔

سوال: پاکستان میں سب سے زیادہ گرمی کہاں پڑتی ہے؟

جواب: سبی بلوچستان۔

سوال: پاکستان کا پہلا دورہ کس ملک کے صدر نے کیا تھا؟

جواب: انڈونیشیا۔

سوال: پاکستان کا پہلا ڈاک ٹکٹ کب جاری ہوا تھا؟

جواب: 9 جولائی 1948ء۔

سوال: دنیا کا سب سے بڑا نہری نظام کس ملک میں ہے

جواب: پاکستان۔

سوال: پاکستان کا سب سے بڑا ریلوے اسٹیشن کون سا ہے؟

جواب: لاہور ریلوے اسٹیشن۔

سوال: پاکستان کی سب سے بڑی بندرگاہ کون سی ہے؟

جواب: کراچی بندرگاہ۔

سوال: پاکستان کا سب سے قدیم غیر آباد شہر کون سا ہے؟

جواب: موہنجوداڑو۔

سوال: پاکستان کی قدیم ترین مسجد کون سی ہے؟

جواب: بھمبھور۔

سوال: پاکستان کا سب سے بڑا پلیٹ فارم کس شہر کا ہے؟

جواب: روہڑی۔

سوال: پاکستان میں بننے والے سب سے پہلے بحری جہاز کا نام بتایئے؟

جواب: العباس۔

سوال: پاکستان کا سب سے بلند مینار کون سا ہے؟

جواب: مینار پاکستان لاہور۔

سوال: پاکستان کا سب سے لمبا دریا کون سا ہے؟

جواب: دریائے سندھ۔

سوال: پاکستان کی سب سے بڑی لائبریری کون سی ہے؟

جواب: پنجاب پبلک لائبریری لاہور۔

سوال: پاکستان کا سب سے پہلا ریڈیو اسٹیشن کون سا ہے؟

جواب: لاہور۔

سوال: پاکستان کی بلند ترین چوٹی کے ٹو کی اونچائی کتنی ہے؟

جواب: 28250 فٹ۔

سوال: منگلہ ڈیم کس دریا پر بنایا گیا ہے؟

جواب: دریائے جہلم۔

سوال: شاہراہ ریشم پاکستان کو کس ملک سے ملاتی ہے؟

جواب: چین۔

سوال: پاکستان کس اسلامی مہینے میں بنا تھا؟

جواب: رمضان المبارک۔

سوال: قیام پاکستان کے بعد پہلی یونیورسٹی کب اور کہاں قائم ہوئی تھی؟

جواب: 1950ء میں پشاور یونیورسٹی۔

سوال: شاہینوں کا شہر پاکستان کے کس شہر کو کہتے ہیں؟

جواب: سرگودھا۔

سوال: پاکستان کو سب سے پہلے کس ملک نے تسلیم کیا تھا؟

جواب: ایران۔

سوال: قومی ترانے میں لفظ ''پاکستان'' کتنی مرتبہ استعمال ہوا ہے؟

جواب: ایک مرتبہ۔

سوال: پاکستان میں سب سے زیادہ کالج کس شہر میں ہیں؟

جواب: لاہور۔

سوال: پاکستان اقوام متحدہ کا رکن کب بنا تھا؟

جواب: 30 ستمبر 1947ء۔

سوال: پاکستان کے وزیراعظم لیاقت علی خان کب شہید ہوئے تھے؟

جواب: 16 اکتوبر 1951ء۔

سوال: پاکستان کا پہلا آئین کب نافذ ہوا تھا؟

جواب: 1956ء

سوال: دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس کہاں ہوئی تھی؟

جواب: لاہور۔

سوال: پاکستان کے قومی شاعر کا نام بتایئے؟

جواب: علامہ محمد اقبال۔

سوال: پاکستان کا مطلب کیا لا الہٰ الا اللہ یہ نظم کس نے لکھی تھی؟

جواب: اصغر سودائی۔

سوال: رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے چھوٹا ڈویژن کون سا ہے؟

جواب: کراچی۔

سوال: پاکستان میں صرف ایک مغل بادشاہ دفن ہے نام بتایئے اور کہاں؟

جواب: شہنشاہ جہانگیر لاہور۔

سوال: پاکستان کے قومی ترانے کے خالق حفیظ جالندھری کا انتقال کب اور کہاں ہوا تھا؟

جواب: 21 دسمبر 1982ء سروسز ہسپتال لاہور۔

سوال: شاہراہ قراقرم کتنے عرصے میں مکمل ہوئی تھی؟

جواب: 15 سال میں۔

سوال: پاکستان میں پہلی مرتبہ ٹیلی ویژن سے عربی زبان میں خبریں نشر کرنے کا آغاز کب ہوا تھا؟

جواب: یکم فروری 1984ء۔

سوال: پاکستان کے کس شہر کو کالجوں کا شہر کہتے ہیں؟

جواب: لاہور۔

سوال: پاکستان کے کس شہر کو اولیاء کا شہر کہتے ہیں؟

جواب: ملتان۔

سوال: پاکستان کے کس صوبے کو باب الاسلام کہتے ہیں؟

جواب: سندھ۔

سوال: پنجاب کا دروازہ کس شہر کو کہتے ہیں؟

جواب: اٹک۔

سوال: سب سے پہلے کس اسلامی ملک کا سفارتخانہ پاکستان میں قائم ہوا تھا؟

جواب: مصر کا 19 اکتوبر 1947ء کو۔

سوال: پاکستان کے اس پہلے شہر کا نام بتائیں جسے باقاعدہ نقشے کے تحت بسایا گیا؟

جواب: لائل پور (فیصل آباد)۔

سوال: پاکستان کا نام پہلی مرتبہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کب رکھا گیا تھا؟

جواب: 23 مارچ 1956ء۔

سوال: پاکستان کی کتنے فیصد آبادی شہروں میں رہتی ہے؟

جواب: تیس فیصد۔

سوال: پاکستان کے کس صوبے کا رقبہ سب سے کم ہے؟

جواب: صوبہ خیبر پختونخوا۔

سوال: پاکستان کی اس مشہور شخصیت کا نام بتائیں جو تین جامعات کے وائس چانسلر رہے تھے؟

جواب: ڈاکٹر رضی الدین۔

سوال: ڈاکٹر رضی الدین کن تین جامعات کے وائس چانسلر رہے تھے؟

جواب: جامعہ کراچی، جامعہ پشاور اور قائداعظم یونیورسٹی۔

سوال: پاکستان کا دریائے سندھ کس ملک سے نکلتا ہے؟

جواب: تبت (چین)

سوال: انسانی ہاتھوں سے بنایا ہوا دنیا کا سب سے بڑا جنگل کون سا ہے؟

جواب: چھانگا مانگا۔

سوال: نیشنل ہائے وے پاکستان کے کن دو شہروں کو ملاتی ہے؟

جواب: کراچی، حیدر آباد۔

سوال: پاکستان کے سب سے زیادہ تاریخی ناول لکھنے والے مصنف کون ہیں؟

جوان: نسیم حجازی۔

سوال: ہاتھی دانت اور لکڑی کے سامان بنانے میں پاکستان کے کون سے شہر مشہور ہیں؟

جواب: راولپنڈی اور پشاور۔

سوال: پاکستان کے کس علاقے میں کوئلے کی سب سے بڑی کان ہے؟

جواب: مکڑوال۔

سوال: پاکستان کا سب سے زیادہ گنجان آباد صوبہ کونسا ہے؟

جواب: پنجاب۔

# مقابلہ تقریر

موضوع: پاکستان اسلام کا قلعہ ہے

# مقابلہ مصوری

پاکستان کی کسی مشہور عمارت یا مقام کی خوبصورت تصویر بنا کر لائیں

# مقابلہ ملی نغمے وترانے

# آج کی سرگرمی

**دی گئی سرگرمیوں کوانجام دینے کے بعداپنی نوٹ بک میں بمع تاریخ درج کریں۔مہینہ کے اختتام پر ان سرگرمیوں کے جوابات اپنے انچارج پروگرام کودکھائیں**

**1اگست:** اس سال2013ء میں کل کتنے اتوار آرہے ہیں؟

**2اگست:** ''م'' سے شروع ہونے والے کم ازکم15 شہروں کے نام لکھیں۔

**3اگست:** نیچے دیے گئے ان الفاظ کے لغت میں معنی تلاش کریں۔

جشن سیمیں،تن پرست،بیت العلوم،اہل رزم،اکسیر

**4اگست:** براعظم افریقا میں موجود10 مسلم ممالک کے نام تحریر کریں۔

**5اگست:** درود شریف کا ترجمہ یاد کریں۔

**6 اگست:** کشمیر کو بھارتی افواج کے قبضے سے آزاد کرانے کے لیے 3 منصوبے تحریر کریں؟

**7اگست:** علامہ اقبال کے 3ایسے اشعار لکھیں جس میں شاہین کا تذکرہ ہو؟

**8اگست:** اسرائیل کے مظالم کی5 خبریں یا تصاویر تلاش کر کے تحریر کریں۔

**9اگست:** آج کے بچوں کے ہیرو فلمی اداکار کیوں ہیں؟ محمد بن قاسم وغیرہ کیوں نہیں؟اپنے خیالات تحریر کریں؟

**10 اگست:** چھٹیوں میں اگر کہیں سیر کے لیے گئے ہیں تو اس سفر کی روداد تحریر کریں؟

**11اگست** :رب زدنی علماء کوخوبصورت انداز میں تحریر کریں؟

**12اگست** :کھانے کے آغاز پر پڑھنے کی دعا یاد کریں؟

**13اگست** :15انبیاء کے نام تحریر کریں؟

**14اگست:** نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے کے متعلق4احادیث تحریر کریں؟

**15اگست** :مسلمانوں کو تباہ کرنے کے لیے ہمارے دشمن کیا سازشیں کررہے ہیں؟ چند کے نام تحریر کریں؟

**16اگست:** پڑوسیوں کے حقوق کے حوالے سے احادیث کا مطالعہ کریں۔

**17اگست** :آج سے سو سال پہلے کیا سن عیسوی اور سن ہجری تھی؟تحریر کریں

**18اگست:** نماز جمعہ سے پہلے مسجد میں امام صاحب نے تقریر میں کیا کہا؟ اس کا موضوع تحریر کریں؟

**19اگست:** کھانے کے اختتام پر پڑھی جانے والی دعا یاد کریں؟

**20اگست:** آپ کا سانس کتنی دیر تک دوڑنے کے بعد اکھڑنے لگتا ہے؟ پارک میں جاکر جائزہ لیں۔

**21اگست:** اگر دن میں 24 گھنٹے کے بجائے20 گھنٹے ہوں تو ایک گھنٹے میں کتنے منٹ ہوں گے؟ جبکہ ایک منٹ میں ساٹھ سیکنڈ ہی ہوں۔

**22اگست:** لال اور ہرا رنگ ملائیں تو کون سا رنگ بنتا ہے۔ ہرا، لال اور نیلا رنگ ملانے سے کون سا رنگ بنے گا؟ نیلا اور پیلا رنگ ملانے سے کونسا رنگ بنے گا؟ تجربہ کر کے دیکھیں۔

**23اگست:** آپ کی مسجد میں فجر اور عشاء کی نماز میں کتنے نمازی ہوتے ہیں؟ تعداد کا مشاہدہ کریں۔

**24اگست:** آپ کے بیگ کا وزن کتنا ہوگا؟ اندازہ لگائیں۔

**25اگست:** سونے سے پہلے کی دعا یاد کریں۔

**26اگست:** آج چاند کو دیکھ کر کلینڈر کو دیکھے بغیر اندازہ لگائیں کہ آج چاند کی کون سی تاریخ ہے۔

**27اگست:** آپ کے محلے کی جامع مسجد کی دوسری صف میں زیادہ سے زیادہ کتنے نمازی آسکتے ہیں؟

**28اگست:** IMF, WB, UNICEF, OPEC, WAPDA, OIC, Mphill کس چیز کے مخفف ہیں،الگ الگ کاپی میں تحریر کریں؟

**29اگست:** آپ کے کورس میں سب سے موٹی کتاب کس مضمون کی ہے؟ اور کتنے صفحات کی ہے؟

**30اگست:** اپنے والدین کو خوش کرنے اور ان کی دعائیں حاصل کرنے کے کوئی تین کام لکھیں؟

**31اگست:** آپ کی انگلش کی کتاب کی لمبائی چوڑائی کیا ہے،انچز اور سینٹی میٹر میں ناپ کر لکھیں مثلاً(8x5)

# ستمبر

## ☆تھیم: ''حقوق العباد''

ہدایات برائے انچارجز

1: حقوق العباد کے حوالے سے نامکمل کہانی کی فوٹو کاپی بچوں کو دی جاسکتی ہے، بہترین انداز سے کہانی مکمل کرنے پر خوبصورت انعام دیا جاسکتا ہے۔

2: ''حقوق العباد'' کے حوالے سے ''صحیح غلط'' سرگرمی کی کاپی ممبرز کو دی جاسکتی ہے اور ہر نکتے کو پڑھنے کے بعد اس پر ڈسکشن کیا جائے کہ کس نے صحیح کیا اور کس نے غلط کیا۔

3: سوالنامہ ممبرز میں تقسیم کر کے بھروایا جاسکتا ہے تاکہ وہ جان سکیں کہ حقوق العباد کے حوالے سے انہیں کیا کرنے کی ضرورت ہے۔

4: ''راستہ تلاش کریں'' کی سرگرمی بچوں کو کاپی کروا کر دی جاسکتی ہے۔

# کہانی مکمل کریں

## حقوق العباد کے عنوان کو سامنے رکھتے ہوئے خوبصورت طریقے سے کہانی مکمل کریں اور حاصل کریں خوبصورت انعام

اشرف اور حامد بہت اچھے دوست تھے، وہ بچپن ہی سے ساتھ کھیلتے آئے تھے، وہ دونوں ہم جماعت بھی تھے، ایسی اچھی دوستی کے باوجود اشرف اور حامد میں بہت فرق تھا۔ اشرف ہر ایک کا خیال رکھتا تھا مگر حامد کہتا تھا کہ یہ بیوقوفی ہے۔ آخر سارے زمانے کا ٹھیکا ہم نے تو نہیں اٹھا رکھا۔ اس بات پر دونوں کے درمیان کافی بحث ومباحثہ ہوتا رہتا۔ ایک دن دونوں نے مچھلیاں پکڑنے کے لیے ندی پر جانے کا پروگرام بنایا۔ وہ صبح صبح شہر سے دور ندی کے کنارے پہنچ گئے، اس وقت وہ جگہ بہت سنسان تھی۔ حامد نے کچھ دور جا کر مڑ کر دیکھا تو اشرف وہاں سے غائب تھا۔..............................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

# کیس اسٹڈی

## حقوق العباد

### ان باتوں کو غور سے پڑھیں اور بتائیں کہ کس نے صحیح کیا اور کس نے غلط کیا اور کیوں؟

1: کاشف نے جنید کو امتحانات میں ایک سوال کا جواب بتایا اور اسے فیل ہونے سے بچالیا۔

2: عمیر نے نماز پڑھتے وقت حبیب کے سلام کا جواب دیا۔

3: احمد کمپیوٹر پر گیم کھیل رہا تھا اس کی امی نے اسے ضروری سامان لانے کا کہا، احمد پورا گیم ختم کر کے سامان لے آیا۔

4: فرض نماز کے بعد کاشف کو نفل نماز پڑھنی تھی اس کے ابو نے اسے کام سے بلایا تو وہ نفل نماز پڑھے بغیر ابو کی بات سننے چلا گیا۔

5: مبشر اکثر گھر سے کھانے پینے کا سامان امی کو بتائے بغیر ایک غریب آدمی کو دے دیتا ہے۔

6: عارف کو سائنس کے امتحان کے وقت یاد آیا کہ اس کی پنسل گھر میں رہ گئی ہے، زبیر کے پاس دو پنسلیں تھیں اس نے ایک عارف کو دے دی۔

7: انیس کا خیال ہے کہ چھٹی والے دن رشتہ داروں سے ملنے سے زیادہ بہتر ہے کہ دوسرے کام نمٹا لیے جائیں۔

8: عبید اپنے تمام اساتذہ کی عزت کرتا ہے مگر اس کا خیال ہے کہ سر راشد اکثر اسے بلاوجہ ڈانٹتے ہیں، اس لیے وہ صرف ان کی عزت نہیں کرتا۔

9: مجیب کا دوست غریب ہے، مجیب اپنے پاس سے پیسے بچا کر اس کی مدد کرتا رہتا ہے۔

10: عارف کا بھائی برے دوستوں کے ساتھ بیٹھنے لگا ہے مگر عارف امی ابو کو اس کا نہیں بتاتا تا کہ اس کے بھائی کو ڈانٹ یا مار نہ پڑے۔

11: امجد کلاس میں لنچ اکیلے کھانے کے بجائے کوشش کرتا ہے کہ سب کے ساتھ مل کر کھائے۔

12: اویس جب بازار سامان لینے جاتا تو اپنے پڑوسیوں سے بھی پوچھ لیتا ہے۔

# سوالنامہ

## سوالنامہ حقوق العباد

**ہدایات: دیے گئے سوالات پڑھیں اور اپنی عادات کو مدنظر رکھتے ہوئے ا، ب یا ج میں سے کسی ایک پر نشان لگائیں۔**

1: جب میں لوگوں سے ملتا ہوں تو

(ا) صرف لوگوں کے سلام کا جواب دیتا ہوں۔ (ب) سلام میں پہل کرتا ہوں۔ (ج) سلام کو نظرانداز کر دیتا ہوں۔

2: جب میں لوگوں کے ساتھ بیٹھتا ہوں تو وہاں پر ہونے والی غیبت پر

(ا) خاموش رہتا ہوں۔ (ب) لوگوں کو روکتا ہوں۔ (ج) خود بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتا ہوں۔

3: میں کھانے پینے کی اشیاء

(ا) دوسروں سے چھپا کر کھاتا ہوں۔ (ب) دوسروں کے ساتھ مل کر کھاتا ہوں۔ (ج) صرف اپنے پسند کے لوگوں کو ہی کھلاتا ہوں۔

4: میں دوسروں کی چیزیں ان کی

(ا) بغیر اجازت اکثر استعمال کرتا ہوں۔ (ب) اجازت کے بغیر ہرگز استعمال نہیں کرتا۔ (ج) ان کی غیر حاضری میں بغیر اجازت ہی استعمال کرتا ہوں۔

5: میں اپنے ساتھیوں اور بہن بھائیوں

(ا) کے کبھی کبھار مزاحیہ اور برے ناموں سے بھی پکارتا ہوں۔ (ب) کو ان کے اچھے ناموں سے ہی پکارتا ہوں۔ (ج) کے برے نام رکھتا ہوں اور دوسروں کے ساتھ مل کر پکارتا بھی ہوں۔

6: میں غصے کی حالت میں

(ا) بحث کرتا ہوں۔ (ب) خاموشی اختیار کرتے ہوئے بیٹھ جاتا ہوں۔ (ج) چیختا چلاتا ہوں اور چیزیں اٹھا کر پھینکتا ہوں۔

7: جب میرے گھر مہمان آتے ہیں تو

(ا) میں انہیں کوئی اہمیت نہیں دیتا۔ (ب) میں خوشی خوشی ان سے ملتا ہوں۔ (ج) مجھے ان کے آنے سے سخت غصہ آتا ہے۔

8: جب میری ملاقات اپنے والدین کے ساتھیوں سے ہوتی ہے تو

(ا) میں مناسب انداز سے ہی ملتا ہوں۔ (ب) میں عزت و تکریم کے ساتھ ان سے پیش آتا ہوں۔ (ج) میں انہیں نظرانداز کرتے آگے بڑھ جاتا ہوں۔

9:میں اپنے رشتہ داروں سے

(ا) ملنے میں کتراتا ہوں۔(ب) مل کرخوشی محسوس کرتا ہوں۔(ج) مل کر شرم آتی ہے۔

10:جب مجھے کسی عزیز کی بیماری کا پتا چلتا ہے تو

(ا) مجھ پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔(ب) میں اس کی عیادت کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔(ج) مجھے خوشی ہوتی ہے۔

11:میں اپنے بزرگوں کی خدمت اور دلجوئی

(ا) کرتے ہوئے بوریت محسوس کرتا ہوں۔(ب) فرض سمجھتے ہوئے خوشی سے کرتا ہوں۔(ج) نہیں کرتا کیوں کہ یہ میرا کام نہیں ہے۔

12:میں گھر میں اپنی امی

(ا) کے کہنے پر ان کے کام کرتا ہوں۔(ب) کے ساتھ کاموں میں خود سے ہاتھ بٹاتا ہوں۔(ج) کے کام کرنے کے بجائے ان سے کام کرواتا ہوں۔

13:میں اپنے چھوٹے بہن بھائیوں کو پڑھائی میں

(ا) جب وہ کچھ پوچھتے ہیں تو ان کی مدد کرتا ہوں۔(ب) پوری ذمہ داری کے ساتھ مدد کرتا ہوں۔(ج) مدد نہیں کرتا کیوں کہ میرے پاس اپنے بہت کام ہوتے ہیں۔

14:میں لوگوں کی زیادتیوں پر

(ا) اکثر بدلہ بھی لیتا ہوں۔(ب) انہیں معاف کر دیتا ہوں۔(ج) جب تک بدلہ نہ لے لوں چین سے نہیں بیٹھتا۔

15:اگر میرے دوستوں کے درمیان جھگڑا ہو جائے تو

(ا) اپنے کام سے ہی مطلب رکھتا ہوں۔(ب) ان کے درمیان صلح کرواتا ہوں۔(ج) دونوں کی لڑائی دیکھ کر مزہ آتا ہے۔

16:جب کوئی اچھی بات مجھے معلوم ہو تو

(ا) اگر کوئی پوچھے تو بتا دیتا ہوں ورنہ نہیں۔(ب) دوسروں کو بھی بتاتا ہوں۔(ج) دوسروں سے چھپاتا ہوں۔

17:جب میرے ساتھی مجھے کسی ایسے کام کے لیے بلاتے ہیں جس میں اللہ کی نافرمانی ہوئی ہو تو

(ا) صرف خود کو اس کام سے دور رکھتا ہوں۔(ب) میں خود کو دور رکھتے ہوئے انہیں بھی اس کام سے باز رکھتا ہوں۔(ج) ان کی خاطر اس کام میں شریک ہو جاتا ہوں۔


☆اگر آپ کے زیادہ نشانات ''ا'' پر ہیں تو آپ ''ب'' والے کاموں کی طرف بڑھیں اور انہیں اپنائیں۔

☆اگر آپ کے زیادہ نشانات ''ب'' پر ہیں تو بہت اچھی بات ہے، آپ مزید اچھی عادات تلاش کر کے ان پر بھی عمل کریں۔

☆اگر آپ کے زیادہ نشانات ''ج'' پر ہیں تو آپ کو چاہیے کہ فوراً انہیں چھوڑ کر ''ب'' والے کاموں پر عمل کرنے کی کوشش کریں۔

# راستہ تلاش کریں

ان بزرگ صاحب کو ہسپتال جانا ہے مگر یہ راستہ بھول گئے ہیں، کیا آپ انہیں ہسپتال تک پہنچا سکتے ہیں۔






# اکتوبر

## ☆تھیم: ''ارکان اسلام''

<u>ہدایات برائے انچارجز</u>

1: طلبہ کو ارکان اسلام کی ''ورک شیٹ'' بھروائی جاسکتی ہے۔

2: ''نور پور'' کتاب کو پڑھوا کر اس پر مقابلہ کوئز کروایا جاسکتا ہے۔

3: ''ارکان اسلام'' کے حوالے سے الفاظ تلاش کریں کی سرگرمی کروائی جاسکتی ہے۔

4: ممبرز کو اس ماہ نماز بمعہ ترجمہ سکھائی جاسکتی ہے۔

# الفاظ تلاش کریں


نماز، روزہ، حج، زکوۃ، کلمہ، سحری، افطاری، سجدہ، رکوع، سونا، چاندی، طواف، قربانی، رمضان

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ق | س | ر | ک | ح | ی | ر | ح | س | ن |
| ر | ج | م | ل | ج | ع | و | ک | ر | م |
| ب | د | ض | م | ی | ر | ا | ط | ف | ا |
| ا | ہ | ا | ہ | م | و | ۃ | و | ک | ز |
| ن | ا | ن | و | س | ز | و | ا | ر | ت |
| ی | د | ن | ا | چ | ہ | ے | ف | ف | پ |
| ژ | ش | پ | ر | ت | ء | پ | ہ | ق | و |
| ذ | آ | ل | ی | ے | گ | ھ | ج | ک | ل |

# ورک شیٹ (ارکان اسلام)

ہدایت: ڈبے میں دیے گئے اشارات کو مناسب ارکان اسلام کے ساتھ لکھیں

☆احرام پہننا لازمی ہے
☆اسلام کا چوتھا رکن
☆سال میں ایک مرتبہ فرض
☆عربی میں صلوٰۃ کہتے ہیں
☆اسلام کا تیسرا رکن
☆عربی میں صوم کہتے ہیں
☆عبادت کا دورانیہ فجر تا مغرب
☆سال میں ایک مہینہ فرض
☆اسلام کا دوسرا رکن
☆ذوالحجہ کے مہینے میں
☆معراج کے موقع پر فرض کی گئی
☆توحید کا سبق
☆مال کا ڈھائی فیصد
☆اسلام کا پہلا رکن
☆زندگی میں ایک بار فرض
☆باجماعت ادا کرنے پر ستر گنا زیادہ ثواب ہے
☆زبان اور دل سے اقرار لازمی
☆صفا مروہ، عرفات، منیٰ اور مزدلفہ
☆حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بار ادا کیا
☆دن میں پانچ مرتبہ مخصوص اوقات میں فرض ہے
☆آٹھ مصارف ہیں



# نور پور کوئز

سوالات:

☆عبدالمالک اپنے گاؤں کے لوگوں کو تعلیم کیوں دینا چاہتا تھا؟

☆مسلمان کسے کہتے ہیں؟

☆جمال دین، عبدالمالک کی مخالفت کیوں کرتا تھا؟

☆احمد کے والد چوہدری فتح محمد نے اسکول کی زمین دینے سے کیوں منع کیا؟

☆ایک مسلمان کو قرآن مجید کو سمجھ کر پڑھنا کیوں ضروری ہے؟

☆جمال الدین یہ کیوں کہتا تھا کہ عبدالمالک خود کو مسلمان اور ہمیں کافر سمجھتا ہے؟

☆علم سے بے خبر رہنے کے کیا نقصانات ہیں؟

☆قرآن مجید کو اللہ تعالیٰ نے کیوں نازل کیا ہے؟ اور اس سے ہم کیسے فائدے اٹھا سکتے ہیں؟

☆کیا صرف زبان سے کلمہ پڑھنا کافی ہوتا ہے؟

☆حضور اکرم ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے دنیا میں کیوں بھیجا؟

☆احمد کے والد نے احمد کو نالیوں کی صفائی پر کیوں مارا؟

☆اللہ دادا اپنی فصل جلنے پر بھی افسردہ کیوں نہ ہوا؟

☆قرآن مجید میں کلمہ طیبہ کی مثال اچھی ذات کا درخت کیوں دی گئی ہے؟

☆کلمہ طیبہ کی قرآن میں کیا مثال دی گئی ہے؟

☆کیا اسلام صرف نماز، روزے کا نام ہے یا اس کے ساتھ ساتھ اور بھی کچھ کرنا پڑتا ہے؟

☆احمد ہال میں کیا اعلان کرنا چاہتا تھا؟

☆اللہ تعالیٰ انسان کو اپنی اطاعت کا پابند کیوں بنانا چاہتا ہے؟

☆عبدالمالک نے گاؤں کے بارے میں کیا خواب دیکھا تھا؟

☆عبدالمالک نے گاؤں کی حالت کیسے تبدیل کی؟

☆عبدالمالک کے دوست انور نے اسکول کی تقریب میں کیا اعلان کیا؟

☆کیا اس کہانی میں ہمارے لیے بھی کوئی سبق ہے؟

# نومبر

## ☆تھیم: ''ہمارا اقبالؒ''

<u>ہدایات برائے انچارجز</u>

☆علامہ اقبال کے اشعار کی کاپی کروا کر ممبرز میں تقسیم کی جاسکتی ہے اور اگلے پروگرام میں ممبرز کے مابین بیت بازی کا مقابلہ کروایا جاسکتا ہے۔

☆علامہ اقبال کی زندگی کے متعلق کوئز کی کاپی کروا کر ممبرز میں تقسیم کی جاسکتی ہے۔ اگلے پروگرام میں مقابلہ کوئز منعقد کیا جاسکتا ہے۔

☆ممبرز کو علامہ اقبال کے چند اشعار کی کاپی دی جاسکتی ہے کہ وہ اپنی پسند کے کسی ایک شعر پر خوبصورت پوسٹر بنائیں۔
خوبصورت پوسٹر بنانے والے ممبرز کو انعام دیا جاسکتا ہے۔

☆نظم ''نوجوانوں سے خطاب'' کسی ممبر سے ترنم کے ساتھ پڑھوائی جائے اور پھر ممبرز کو اس کی تشریح سمجھائی جاسکتی ہے۔

# بیت بازی علامہ اقبال

اس قوم کو شمشیر کی حاجت نہیں رہتی
ہو جس کے جوانوں کی خودی صورت فولاد

اپنے من میں ڈوب کر پاجا سراغ زندگی
اگر تو میرا نہیں بنتا نہ بن اپنا تو بن

انداز بیاں گرچہ مرا شوخ نہیں ہے
شاید کہ اتر جائے تیرے دل میں میری بات

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے
نیل کے ساحل سے لے کر تابہ خاک کا شغر

اپنی ملت پہ قیاس اقوام مغرب سے نہ کر
خاص ہے ترکیب میں قوم رسولﷺ ہاشمی

اپنی دنیا آپ پیدا کر اگر زندوں میں ہے
سر آدم ہے ضمیر کن فکاں ہے زندگی

آج بھی ہو گر، ابراہیم کا ایمان پیدا
تو آگ کرسکتی ہے انداز گلستاں پیدا

باطل سے دبنے والے اے آسماں نہیں ہم
سو بار کرچکا ہے تو امتحان ہمارا

بے خطر کود پڑا آتش نمردو میں عشق
عقل تھی محو تماشائے لب بام ابھی

پروانے کو چراغ ہے بلبل کو پھول بس
صدیق ؓ کے لیے ہے خدا کا رسولﷺ بس

پانی پانی کرگئی مجھ کو قلندر کی یہ بات
تو جھکا جب غیر کے آگے نہ من تیرا نہ تن

توحید کی امانت سینوں میں ہے ہمارے
آساں نہیں مٹانا نام و نشان ہمارا

تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
تیرے سامنے آسماں اور بھی ہیں

جہاں میں اہل ایماں، صورت خورشید جیتے ہیں
ادھر ڈوبے ادھر نکلے ادھر ڈوبے ادھر نکلے

حرم پاک بھی، اللہ بھی، قرآن بھی ایک
کچھ بڑی بات تھی ہوتے جو مسلمان بھی ایک

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی
نہ ہو جس کو خیال، آپ اپنی حالت کے بدلنے کا

خدا تجھے کسی طوفان سے آشنا کردے
کہ تیرے بحر کی موجوں میں اضطراب نہیں

فرد قائم ربط ملت سے تنہا کچھ نہیں
موج ہے دریا میں بیرون دریا کچھ نہیں

دیار عشق میں اپنا مقام پیدا کر
نئے زمانے، نئے صبح و شام پیدا کر

قوم مذہب سے ہے مذہب جو نہیں تم بھی نہیں
جذب باہم جو نہیں، محفل انجم بھی نہیں

دشت تو دشت دریا بھی نہ چھوڑے ہم نے
بحر ظلمات میں دوڑا دیے گھوڑے ہم نے

قوت عشق سے ہر پست کو بالا کردے
دہر میں اسم محمدؐ سے اجالا کردے

رہ گئی رسم اذاں، روح بلالی نہ رہی
فلسفہ رہ گیا، تلقین غزالی نہ رہی

کوئی اندازہ کرسکتا ہے اس کے زور بازو کا
نگاہ مرد مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

زباں سے کہہ بھی دیا لآ الہ الا اللہ تو کیا حاصل
دل و نگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں

کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

سبق پھر پڑھ صداقت کا، عدالت کا، شجاعت کا
لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا

مسجدیں مرثیہ خواں ہیں کہ نمازی نہ رہے
یعنی وہ صاحب اوصاف حجازی نہ رہے

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں

ملت کے ساتھ رابطہ استوار رکھ
پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ

عقابی روح جب بیدار ہوتی ہے جوانوں میں
نظر آتی ہے ان کو اپنی منزل آسمانوں میں

میرا طریق امیری نہیں فقیری ہے
خودی نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر

غلامی میں نہ کام آتی ہیں شمشیریں نہ تدبیریں
جو ہو ذوق یقیں پیدا، تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں

مسجد تو بنادی شب بھر میں ایماں کی حرارت والوں نے
من اپنا پرانا پاپی ہے برسوں میں نمازی بن نہ سکا

فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں
کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں

نہیں تیرا نشیمن قصر سلطانی کے گنبد پر
تو شاہیں ہے بسیرا کر پہاڑوں کی چٹانوں میں

نہیں ہے ناامیدؔ اقبال اپنی کشت ویراں سے
ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی

وجود زن سے ہے تصویر کائنات میں رنگ
اسی کے ساز سے ہے زندگی کا سوز دروں

وہ سحر جس سے لرزتا ہے شبستان وجود
ہوتی ہے بندۂ مومن کی اذاں سے پیدا

وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہو کر
اور تم خوار ہوئے تارک قرآں ہو کر

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

یہی مقصود فطرت ہے یہی رمز مسلمانی
اخوت کی جہانگیری محبت کی فراوانی

یارب دل مسلم کو وہ زندہ تمنا دے
جو قلب کو گرما دے جو روح کو تڑپا دے

# اقبال کوئز

سوال: شاعر مشرق کسے کہتے ہیں؟

جواب: علامہ اقبال۔

سوال: حکیم الامت کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: علامہ اقبال۔

سوال: علامہ اقبال کی اسلامی حساب سے تاریخ پیدائش بتائیے؟

جواب: 3 ذی قعدہ 1294 ہجری۔

سوال: علامہ اقبال کے والد محترم کا نام بتائیں؟

جواب: شیخ نور محمد۔

سوال: علامہ اقبال کی والدہ محترمہ کا نام بتائیے؟

جواب: امام بی بی۔

سوال: علامہ اقبال سیالکوٹ کے کس محلّہ میں پیدا ہوئے تھے؟

جواب: بازار چوڑی گراں۔

سوال: علامہ اقبال سب سے پہلے کس مکتب میں داخل ہوئے تھے؟

جواب: مکتب محلّہ شوالہ۔

سوال: علامہ اقبال کو اسکاچ مشن ہائی اسکول سیالکوٹ میں کس نے داخل کروایا تھا؟

جواب: مولوی میر حسن نے۔

سوال: علامہ اقبال نے میٹرک کا امتحان کب پاس کیا تھا؟

جواب: 1893ء میں۔

سوال: علامہ اقبال نے کس کالج سے ایف اے پاس کیا تھا؟

جواب: مرے کالج سیالکوٹ۔

سوال: علامہ اقبال اپنے کلام کی اصلاح کن سے لیتے تھے؟

جواب: داغ دہلوی۔

سوال: علامہ اقبال کو کس چیز کا زیادہ شوق تھا؟

جواب: پرندے پالنے کا۔

سوال: علامہ اقبال نے بی اے میں فلسفہ کی تعلیم کن سے لی تھی؟

جواب: پروفیسر اوشر اور لالہ جیا رام۔

سوال: علامہ اقبال نے انگریزی کی تعلیم کس سے حاصل کی تھی؟

جواب: پروفیسر ڈالنجر۔

سوال: علامہ اقبال نے عربی کی تعلیم کس سے حاصل کی تھی؟

جواب: مولوی محمد دین۔

سوال: عربی کے امتحان میں اول آنے پر علامہ اقبال کو کون سا میڈل ملا تھا؟

جواب: جمال الدین میڈل۔

سوال: بی اے کے بعد علامہ اقبال نے کس مضمون میں داخلہ لیا تھا؟

جواب: ایم اے فلسفہ۔

سوال: علامہ اقبال کو سر کا خطاب کب ملا تھا؟

جواب: یکم جنوری 1923ء۔

سوال: علامہ اقبال نے رموز بے خودی کب لکھی تھی؟

جواب: 1918ء میں۔

سوال: علامہ اقبال نے پیام مشرق کب لکھی تھی؟

جواب: 1923ء میں۔

سوال: علامہ اقبال نے بانگ درا کب لکھی تھی؟

جواب: ستمبر 1924ء میں۔

سوال: علامہ اقبال نے زبور عجم کب لکھی تھی؟

جواب: جون 1927ء میں۔

سوال: علامہ اقبال نے بال جبریل کب لکھی تھی؟

جواب: جنوری 1935ء میں۔

سوال: علامہ اقبال نے ضرب کلیم کب لکھی تھی؟

جواب: جولائی 1936ء۔

سوال: علامہ اقبال نے ارمغان حجاز کب لکھی تھی؟

جواب:1938ءمیں۔

سوال:علامہ اقبال کو پی ایچ ڈی کی ڈگری کس یونیورسٹی نے دی تھی؟

جواب:میونخ یونیورسٹی۔

سوال:علامہ اقبال لندن یونیورسٹی میں کس مضمون کے پرفیسر رہے تھے؟

جواب:عربی۔

سوال:علامہ اقبال نے پیام مشرق کیوں لکھی تھی؟

جواب:گوئٹے کی کتاب سلام مغرب کے جواب میں۔

سوال:بورعجم اور جاوید نامہ کس زبان میں لکھی گئیں تھیں؟

جواب:فارسی۔

سوال:بال جبریل اورضرب کلیم کس زبان میں لکھی گئی تھیں؟

جواب:اردو۔

سوال:علامہ اقبال کی آخری کتاب کا نام بتائیں؟

جواب:ارمغان حجاز۔

سوال:علامہ اقبال کب فوت ہوئے تھے؟

جواب:21اپریل1938ء۔

سوال: مینار پاکستان پر علامہ اقبال کی دو چیزیں کندہ ہیں ایک تو ان کی نظم ہے۔لاالہ الا اللہ، دوسری کیا چیز ہے؟

جواب:صبح کے عنوان سے ایک قطعہ۔

# مقابلہ مصوری (منتخب اشعار پر پوسٹر بنائیں)

<u>اپنی پسند کے کسی ایک شعر پر خوبصورت مصوری پر مبنی پوسٹر بنائیں</u>

میرے اللہ برائی سے بچانا مجھ کو
نیک جو راہ ہو اسی راہ پہ چلانا مجھ کو

پرواز ہے دونوں کی اسی ایک فضا میں
کرگس کا جہاں اور ہے شاہین کا جہاں اور

دنیا کے بت کدوں میں پہلا وہ گھر خدا کا
ہم اس کے پاسباں ہیں وہ پاسباں ہمارا

ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے
آتے ہیں جو کام دوسروں کے

# مقابلہ ترانے اور نظمیں

# علامہ اقبال (نوجوانوں سے خطاب) تشریح

کبھی اے نوجوان مسلم! تدبر بھی کیا تو نے
وہ کیا گردوں تھا تو جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا

تجھے اس قوم نے پالا ہے آغوش محبت میں
کچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں تاج سردارا

گدائی میں بھی وہ اللہ والے تھے غیور اتنے
کہ منعم کو گدا کے ڈر سے بخشش کا نہ تھا یارا

غرض میں کیا کہوں تجھ سے کہ وہ صحرانشیں کیا تھے
جہاں گیر و جہا دار و جہاں بان و جہاں آرا

تجھے آباء سے اپنے کوئی نسبت ہو نہیں سکتی
کہ تو گفتار وہ کردار تو ثابت وہ سیارا

گنوادی ہم نے جو اسلاف سے میراث پائی تھی
ثریا سے زمیں پر آسماں نے ہم کو دے مارا

مگر وہ علم کے موتی کتابیں اپنے آباء کی
جو دیکھیں ان کو یورپ میں تو دل ہوتا ہے سیپارہ

## تشریح:

1: علامہ اقبال اس شعر میں مسلمان نوجوانوں سے کہتے ہیں کہ اے نوجوانو! کبھی تم نے غور بھی کیا ہے کہ وہ کیا آسمان تھا جس کے تم اک ٹوٹا ہوا تارہ ہو، یعنی مسلمانوں کا ماضی کتنا شاندار تھا جس کی وجہ سے آج تم مسلمان ہو۔

2: تمہارے آباء واجداد نے تمہاری تربیت اس طرح کی ہے کہ ان کے سامنے بادشاہوں کے تاج بھی رکھے گئے تو انہوں نے اسے ٹھکرادیا کیوں کہ وہ دنیا کے لیے نہیں بلکہ اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے کام کرتے تھے۔

3: ہمارے بزرگ اتنے غیرت منداور خوددار تھے کہ ان کی غربت وسادگی دیکھ کر امیر لوگ بھی ان کی مدد کرتے ہوئے ڈرتے تھے کہ کہیں یہ مدد کرنے پر ہمیں ڈانٹ نہ دیں۔

4: اور ہمارے مسلمان آباء واجدادا گرچہ سادہ اور صحراؤں کے رہنے والے تھے مگر انہوں نے دنیا کو فتح کیا، دنیا پر حکمرانی کی، دنیا کی حفاظت کی اور دنیا کو سنوار کر خوبصورت اور پرسکون بنادیا۔

5: علامہ اقبال کہتے ہیں کہ مگر آج کل کی نسل کا اپنے ان عظیم بزرگوں سے مقابلہ نہیں کیا جاسکتا اور اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم صرف زبانی باتیں کرتے ہیں اور ہمارے بزرگوں نے اپنے کردار کے ذریعے اسلام پھیلایا، اسی طرح آج کے مسلمان بس بیٹھے بیٹھے باتیں بنانے میں وقت ضائع کرتے ہیں جبکہ ہمارے بزرگوں نے اسلام کے لیے تن من دھن کی بازی لگادی تب جا کر اسلام کو دنیا میں عروج حاصل ہوا۔

6: جب ہم نے اپنے بزرگوں کی ان باتوں پر عمل کرنا چھوڑ دیا تو پھر ہم مسلمان دنیا میں اتنے رسوا ہوئے کہ جیسے کسی نے آسمان سے زمین پر لا کر پٹخ دیا ہو اور یقیناً یہ سب ہمارے اپنے ہی اعمال کا بدلہ ہے۔

7: اور ہمارے بزرگوں نے فلسفہ، تاریخ، سائنس پر جو اتنی اہم کتابیں لکھی تھیں مثلاً! جابر بن حیان، بوعلی سینا، الخوارزمی، امام غزالی وغیرہ نے، بجائے اس کے کہ ہم اس سے فائدہ اٹھا رہے ہوتے آج وہ کتابیں یورپ کی لائبریریوں میں موجود ہیں اور غیر مسلم ان کتابوں پر پڑھ پڑھ کر ترقی کر رہے ہیں، یہ دیکھ کر دل غم سے ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے۔

## مشکل الفاظ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| گردوں | آسمان | تدبر | غوروفکر | تاج سردار | بادشاہ کا تاج |
| منعم | دولت مند/امیر | غیور | غیرت مند | گدا | فقیر/غریب |
| صحرانشیں | صحرا کے رہنے والے | جہاں گیر | زمین فتح کرنے والے | جہاں دار | حکومت کرنے والے |
| جہاں بان | زمین کی حفاظت کرنیوالے | جہاں آراء | زمین کو خوبصورت بنانے والے | گفتار | باتیں کرنے والا |
| ثابت | رکا ہوا | سیارہ | حرکت کرنے والا | اسلاف | آباءواجداد، بزرگ |
| ثریا | ستاروں کا جھرمٹ | سیپارہ | تیس ٹکڑے/ٹکڑے ٹکڑے | بخشش | عطا کرنا |

# دسمبر

## ☆تھیم: ''نیک بنو نیکی پھیلاؤ''

<u>ہدایات برائے انچارجز:</u>

1: ممبرز کے درمیان ''نیک بنو نیکی پھیلاؤ'' پر گروپ ڈسکشن کروایا جاسکتا ہے۔ (نکات دیے گئے ہیں)

2: ''لڑکا اور بادشاہ'' کی ویڈیو دکھا کر ''ویڈیو کوئز شو'' کروایا جاسکتا ہے۔ (سوالات دیے گئے ہیں)

3: ''راستہ تلاش کریں'' کی سرگرمی کروائی جاسکتی ہے۔

# گروپ ڈسکشن (نیک بنو نیکی پھیلاؤ)

## نکات:

☆ نیکی کا مطلب کیا ہے؟

☆ نیکی اور برائی میں فرق؟

☆ نیکی کرنے کے کیا فوائد ہیں؟

(انفرادی، اجتماعی)

☆ برائی کرنے کے نقصانات کیا ہیں؟

(انفرادی، اجتماعی)

☆ ہم کیسے نیک بن سکتے ہیں؟

☆ نیکی پھیلانے سے کیا مراد ہے؟

☆ نیک بننے کے ساتھ ساتھ نیکی پھیلانا کیوں ضروری ہے؟


☆ آپ کے خیال میں بزم شاہین کا مقصد ''نیک بنو نیکی پھیلاؤ'' کیوں ہے؟

# راستہ تلاش کریں

کاشف نا صرف خود نماز پڑھنے جاتا ہے بلکہ اپنے ساتھ اپنے دوستوں کو بھی ساتھ لے کر جاتا ہے

آج وہ لوگ ایک دوسرے علاقے میں آئے ہوئے ہیں لیکن ان کو مسجد نہیں مل رہی' کیا آپ ان کو مسجد تک پہنچانے میں مدد کر سکتے ہیں





# ویڈیو شو کوئز

# (لڑکا اور بادشاہ)

سوال: لڑکے کا نام کیا تھا؟

جواب: عبید۔

سوال: بزرگ پہلے کیا کام کرتے تھے؟

جواب: قاضی تھے۔

سوال: لڑکا بزرگ سے اللہ کے بارے میں کیا سوال کرتا ہے؟

جواب: اللہ کون ہے اور کیا کرتا ہے۔

سوال: بزرگ عبید کے لے کیا دعا کرتے ہیں؟

جواب: اللہ سچ کے لیے اس کا دل کھول دے اور مجھے طاقت دے کہ میں اسے سمجھا سکوں جو میں جانتا ہوں۔

سوال: لڑکے نے محل میں داخل ہونے کے لیے سپاہیوں کو کیا دکھایا؟

جواب: شاہی مہر

سوال: عبید کو محل میں داخل ہونے کے بعد کون گھور رہا تھا؟

جواب: عجیب وغریب مجسمے۔

سوال: جادوگر نے رسیوں کو کس جانور میں تبدیل کر دیا تھا؟

جواب: سانپ۔

سوال: کس جانور نے لوگوں کا راستہ روک لیا تھا؟

جواب: گینڈا۔

سوال: جادوگر عبید پر کیوں غصہ ہو رہا تھا؟

جواب: کیوں کہ وہ اللہ پر ایمان لا چکا تھا۔

سوال: جہاز پر سوار عبید نے اللہ سے کیا دعا مانگی؟

جواب: اے اللہ مجھے ان سے بچا لیجئے۔

سوال: لوگ آخر میں کیا نعرے لگاتے ہیں؟

جواب: اللہ اکبر۔

سوال: بادشاہ ایمان لانے والوں کے ساتھ کیا سلوک کرواتا تھا؟

جواب: آگ میں جلوا دیتا ہے۔

سوال: گود میں موجود بچہ اپنی ماں سے کیا کہتا ہے؟

جواب: ماں مجھ میں ایمان ہے۔

سوال: لڑکے کو کیا سزا دی جاتی ہے؟

جواب: اسے تیر مار کر شہید کر دیا جاتا ہے۔